امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز پیر 23 نومبر 2026 / 12 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 222

بلاول بھٹو زرداری

تنازعات کا حل مذاکرات و سفارتکاری ہی ہونی چاہئے

امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے' افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا، چیئرمین پی پی

افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا۔ان کا کہنا تھا پاکستان عالمی طاقتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے تعاون کا حامی ہے

اسلام آباد(اے این این)چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹوزرداری نے کہا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے۔ ترک میڈیا کو انٹرویو میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹوزرداری نے واضح کیا کہ پاکستان خطے میں امن اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کا حل چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکا ایران مذاکرات کی کامیابی عالمی معیشت کے مفاد میں ہے، ایران جنگ کے معاشی اثرات پوری دنیا کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔بلاول بھٹو نے افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کو پاکستان کیلئے بڑا سکیورٹی چیلنج

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالورینجل کی پاکستان آمد

اسلام آباد(جی این ایم)پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالورینجل پاکستان پہنچ گئے۔ترجمان دفتر

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

صدر مملکت آصف زرداری سے اسحاق ڈار اور ایاز صادق کی ملاقات

راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے، ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(سی ایم لنکس)صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرز عمل کی مذمت کرتے ہیں: رضا ربانی

کہا جارہا ہے ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئے تو انہیں عدالت میں توثیق کیلئے پیش کیا جائے گا، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد(اے این این)سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرز عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی رہنما رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم آرٹیکل 239/4 میں صوبائی حدود میں تبدیلی کے وضع کردہ طریقہ کار کا متبادل نہیں، ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کیا یک مخصوص گروپ کیطرز عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ کہا جارہا ہے ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئینو انہیں عدالت میں توثیق کیلئے پیش کیا جائیگا، ایسا کرنا پارلیمان کی خودمختاری مجروح کرنے اور صوبائی

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان نے بھارت سمیت تمام ایس سی او ممالک کو مکالمے کی دعوت دیدی

بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ہے روز لاشیں اٹھاتے ہیں، ہم دہشت گردی کے خلاف جو کرنا پڑا کریں گے انڈیا کو کئی بار مذاکرات کی دعوت دے چکے لیکن بات آگے نہیں بڑھی

نئی دہلی (جی این ایم) پاکستان نے بھارت سمیت شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تمام رکن ممالک کو مکالمے کی دعوت دیتے ہوئے ثقافتی تعاون، تاریخی ورثے کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے 3 نکاتی فارمولا پیش کردیا، بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں ایس سی او کے تحت تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے وزارتی فورم سے اردو میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے خطے کے تاریخی و تہذیبی روابط سے مشترکہ فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔تفصیلات کے مطابق نئی دہلی میں منعقدہ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



استنبول، وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ترکیہ کے وزیر انصاف آقمین گورلیک سے ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کا ترقیاتی پیکیج خیبر پختونخوا کو 10 ارب روپے جاری

امن وامان کے 62 منصوبوں پر 39 ارب 19 کروڑ روپے خرچ ہونگے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی

صحت کے شعبے کے 41 منصوبوں کے لیے 3 ارب 20 کروڑ روپے مختص، مخصوص اضلاع میں تعلیم کے 72 منصوبوں پر 12 ارب 90 کروڑ روپے خرچ ہوں گے، دستاویز

اسلام آباد(جی این ایم)وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے خیبر پختونخوا کیلئے 160 ارب روپے کے ترقیاتی پیکج کے اعلان کے بعد ابتدائی طور پر 10 ارب روپے صوبائی حکومت کو جاری کردیئے گئے۔دستاویزات کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 مخصوص اضلاع کے لئے 96 ارب 97 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ صوبے کے دیگر 25 اضلاع کیلئے 63 ارب 20 کروڑ 60 لاکھ روپے رکھنے کی تجویز ہے۔ 12 مخصوص اضلاع میں مجموعی طور پر 430 ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جائے گا جن میں 7 خصوصی منصوبوں پر 19 ارب 27 کروڑ روپے خرچ ہوں گے جبکہ 423 منصوبوں کے لئے 77 ارب 70 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، ان

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)



مسقط، وفاقی وزیر علی پرویز ملک اور عمان کے وزیر توانائی سالم العوفی پیٹرولیم مصنوعات کی خرید وفروخت کے معاہدے پر دستخط کے موقع پر موجود ہیں

ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 گلوبل وارمنگ سے نمٹنے کیلئے نیا معاہدہ پیش

انطالیہ (جی این ایم) ترکیہ کے شہر انطالیہ میں ہونے والی اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 میں عالمی حدت پر قابو پانے کے لئے نئے معاہدے کا

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفونک رابطہ

کثیر الجہتی فورمز پر تعاون اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر گفتگو

اسلام آباد(اے این این)نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوام کو تیز رفتار اور بہترین خدمات کی فراہمی ہمارا مشن ہے، محسن نقوی

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ کا نادرا سنٹر پیکو روڈ کا دورہ، شہریوں کے مسائل سنے، رش کے باوجود شہریوں کیلئے اچھے انتظامات کرنے پر نادرا حکام کی تعریف

شہریوں کی ہر موقع پر مکمل رہنمائی کی جائے تاکہ انہیں بار بار آنے کی زحمت نہ ہو، ، انچارج اور عملے کو شاباش دی

لاہور(جی این ایم)لاہور میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نادرا سنٹر پیکو روڈ کا دورہ کیا اور شناختی کارڈز سمیت دیگر دستاویزات بنوانے کیلئے آنے والے شہریوں کے مسائل سنے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے تقریباً دو گھنٹے تک سنٹر میں موجود شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔محسن نقوی نے بزرگ خواتین کے شناختی کارڈز سے متعلق مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ بعض شہریوں کی دستاویزات کا پراسیس بھی اپنے سامنے مکمل کرایا۔ اس موقع پر سنٹر میں موجود مرد وخواتین نے نادرا کے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور، وزیر داخلہ محسن نقوی نادر سمارٹ سنٹر پیکو روڈ کے دورے کے موقع پر بزرگ خاتون کی شکایت سن رہے ہیں



ناروال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال ناروال یونیورسٹی میں فائن آرٹس طلبہ کے فن پارے دیکھ رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے، گورنر کے پی

دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں

پشاور(سی ایم لنکس)گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ احترام کا رشتہ ہے، جے یو آئی سربراہ میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں شوکت یوسفزئی کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ میرا سوفٹ ویئر ٹھیک ہے، پی ٹی آئی ترجمان کا سوفٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا ہے، اس لیے ٹی وی پر نظر آتے ہیں، مجھے میری پارٹی نے گالم گلوچ کی تربیت نہیں دی، دہشت گردی

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن وامان کی صورتحال پر نور محمد دومڑ سے ڈی آئی جی کی ملاقات

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، پولیس اور انتظامیہ میں مؤثر رابطہ ضروری ہے، نور محمد دمڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ سے دومڑ ہاؤس کلی اڑس سنجاوی میں ڈی آئی جی لورالائی رنیج جنید احمد شیخ نے خصوصی ملاقات کی ملاقات میں ضلع زیارت، ضلع ہرنائی اور تحصیل سنجاوی میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پولیس و ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاک چین دوستی؛ خلائی جہاز شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل

جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی کامیاب مشق

اسلام آباد(اے این این)پاک چین دوستی کا ایک اور تاریخ ساز سنگ میل سامنے آ گیا، شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق شمال مغربی چین میں واقع جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی اس مشترکہ مشق میں تینوں خلا بازوں نے آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے۔ چائنا آسٹرونٹ ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ، کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف کارروائی اور جامع سروے کا حکم

کوئٹہ میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے، خستہ حال پائپ لائنوں کی مرمت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت کردی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نادر سمارٹ سنٹر پیکو روڈ کے دورے کے موقع پر بزرگ خاتون کی شکایت سن رہے ہیں

ناروال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال ناروال یونیورسٹی میں فائن آرٹس طلبہ کے فن پارے دیکھ رہے ہیں

نئے صوبوں کا قیام ملک کی ترقی اور سلامتی کیلئے ناگزیر ہے، مصطفیٰ کمال

وزیراعظم چاہیں تو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر ریفرنڈم کی منظوری بھی لے سکتے ہیں، آصف علی زرداری سمجھدار ہیں اور جانتے ہیں کہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے

اگر صوبوں کی گفتگو آفیشل نہ ہوتی تو اب تک اسے کوئی نہ کوئی رکوا دیتا، اب کوئی پارٹی نہیں بلکہ ریاست بچانے کا وقت آ گیا ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ملک کی ترقی اور سلامتی کیلئے ناگزیر ہے۔ایم کیو ایم رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کوئی کچھ بھی کر لے وہ نئے صوبوں کی تحریک سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے اور اگر کراچی کو وفاق کا حصہ بنانے کی بات ہوگی تو وہ اس کی بھی بھرپور حمایت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ دسمبر اہم مہینہ ہے، جو ہونا

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی، دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد(یو این اے)اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس نے نیلور اور کھنہ پل کے درمیان شہزاد ٹان تھانے کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ آئی سی ٹی پولیس اہلکار نے اتوار کو میڈیا کو بتایا کہ ایس ایچ او شہزاد ٹاون نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت و لاپروائی سے گاڑی چلانے والے دو ملزمان کو گرفتار کیا، جن کی گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی ہوئے تھے۔انہوں نے بتایا کہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ واقعے میں ملوث

(بقیہ 25 مدرونی صفحہ 2 پر)

پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، گیلانی

چیئرمین سینیٹ کا مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد(سی ایم لنکس)چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں دو کامیاب کارروائیوں کے دوران 15 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری اور وطن عزیز کے امن واستحکام کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دہشت گردوں کیٹھکانوں کا خاتمہ، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اور علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا قابلِ تحسین کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پوری قوم دہشت

(بقیہ 26 مدرونی صفحہ 2 پر)

دالبندین، مال بردار گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی

مسلح افراد نے ایک اور واقعے میں ٹرک کو نذر آتش کردیا ہے، سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کردی

دالبندین (یو این اے) چاغی کے علاقے ڈھدر میں پاک ایران شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے تفتان سے دالبندین آنے والی مال بردار بس پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق مال بردار بس میں چار افراد سوار تھے اور گاڑی تفتان سے دالبندین کی جانب آ رہی تھی کہ ڈھدر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا ایک اور واقعے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق دونوں گاڑیاں تفتان سے دالبندین کی جانب بغیر کسی سیکیورٹی کا نوائے کے سفر کر رہی تھیں، جبکہ واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور مقامی انتظامیہ مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ چاغی کے علاقے ڈھدر میں

(بقیہ 24 مدرونی صفحہ 2 پر)

انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، امریکی صدر

ایران سے ایسا معاہدہ ہو جو مستقبل کا احمق، برا یا کمزور امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے، ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت جاری ہے تاہم واشنگٹن ایسا طویل المدتی معاہدہ چاہتا ہے جو مستقبل میں آنے والا کوئی امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکام معاہدے کے خواہاں ہیں لیکن وہ ایسا سمجھوتا نہیں چاہتے جو کچھ عرصے بعد ختم ہوجائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک پائیدار معاہدہ چاہتے ہیں جو طویل عرصے تک برقرار رہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں آنے والے کسی کمزور یا غیر موثر امریکی صدر کے دور میں بھی برقرار رہے۔ انہوں نے ممکنہ آئندہ صدر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی احمق، برا یا کمزور صدر منتخب ہوجائے تو بھی ایران کے ساتھ طے پانے والا معاہدہ اس کے فیصلوں سے بالاتر ہونا چاہیے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ان کی انتظامیہ ایران

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی، جنید اکبر سمیت گرفتار رہنماؤں کو منظم عام پر لانے کا مطالبہ

بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل کے مطابق سہولیات فراہم کی جائیں، تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم کی گرفتاری عدالتی احکامات اور قانون کی حکمرانی پر سوالیہ نشان ہے

انھیں فوری عدالت میں پیش کرکے رہا کیا جائے، بلاول گورنر راج، ایمرجنسی کی توسیع کے حق میں قومی اسمبلی میں ووٹ نہ دیں، پی ٹی آئی صوبائی اراکین اسمبلی کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک انصاف کے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے اراکین قومی اسمبلی نے بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل کے مطابق سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ پی ٹی آئی کا ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق اہم ترین اجلاس منعقد ہوا

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک بھر کے عوام نئے چھوٹے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حق میں بول پڑے

اسلام آباد(جی این ایم)ملک بھر کے عوام کی جانب سے نئے چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں آوازیں بلند ہورہی ہیں۔کوئٹہ، لیہ، بہاولنگر اور کراچی کے شہریوں نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے نئے صوبوں کی حمایت کردی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ بلوچستان جیسے بڑے رقبے کے صوبے کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنا بہت ضروری ہے۔شہریوں نے کہا کہ آبادی بڑھنے کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، اس سیلوگوں کو بنیادی سطح پر سہولیات ملیں گی۔صوبہ بہاولپور بننے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے پر مذاکرات آخری مراحل میں داخل

معاہدہ رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے، ایرانی میڈیا

تہران (جی این ایم) پاکستان اور ایران کے درمیان جامع آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) پر مذاکرات آخری مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں جو رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے۔ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران کی تجارتی ترقی کی تنظیم (ٹی پی او) کے مشرقی ایشیا اور برصغیر کے دفتر کے نائب سربراہ سید مہرداد سادات نسب نے بتایا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ رواں ایرانی سال کے اختتام تک حتمی شکل اختیار کرسکتا ہے۔انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے پر پیش رفت جاری ہے، مذاکرات اور معاہدے میں شامل اشیا کی فہرستوں کے تبادلے کے بعد یہ اپنے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ایرانی عہدیدار کے مطابق نئے معاہدے پر عمل درآمد سے دونوں ممالک کے درمیان کسٹم اخراجات کم ہوں گے جس سے باہمی تجارت کے حجم میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔سید مہرداد سادات نسب نے پاکستان اور ایران کے درمیان سرکاری

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی دفاعی نظام نے حوثیوں کا مکہ کی جانب بھیجا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کردیا

مکہ مکرمہ ریجن میں فضائی خطرے کے پیشِ نظر شہریوں کیلئے ہنگامی انتباہ جاری

ریاض، انقرہ (جی این ایم) سعودی اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعوی کیا ہے۔اتحادی افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی کے مطابق سعودی فضائی دفاعی نظام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا۔میزائل حملے کے خطرے کے پیش نظر مکہ مکرمہ میں ہنگامی وارننگ کیلئے سائرن بجائے گئے، جبکہ شہری دفاع کی جانب سے حفاظتی الرٹ بھی جاری کیا گیا، خطرہ ٹلنے کے بعد الرٹ ختم کردیا گیا اور شہریوں کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔اتحادی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف بھیجا گیا ڈرون بھی فضائی دفاعی نظام نے فضا میں تباہ کردیا تھا، دونوں واقعات کے حوالے سے سعودی حکام نے دفاعی نظام کی بروقت

(بقیہ 20 مدرونی صفحہ 2 پر)

افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمتی کارروائیاں تیز

یکم اگست سے تا 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملوں میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے، رپورٹ

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمتی گروپس کا دائرہ وسیع ہوتا جارہا ہے، جہاں مختلف صوبوں میں مسلح کارروائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ قابض طالبان رجیم کیخلاف ایک نئی موثر اور منظم مسلح مزاحمتی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آ گیا۔ معروف عالمی جریدے دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نیا گست میں طالبان رجیم کیخلاف آپریشن محارب شروع کیا۔ دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے طالبان کے روایتی مضبوط گڑھوں قندھار اور ہلمند میں سب سے زیادہ کارروائیوں کا دعوی کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق یکم اگست سے 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملے کیے جن میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کی کارروائیوں میں طالبان اہلکاروں، فوجی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے انشاء اللہ

نئے صوبوں کا معاملہ اس قدر متنازع شکل اختیار کرچکا ہے کہ اب اس کا بہتر حل عوام سے براہ راست رائے حاصل کرنے میں ہی نظر آتا ہے

نئے صوبوں کے معاملے کو سیاسی طور پر جس حد تک متنازع بنایا جاچکا ہے، اس کا فیصلہ عوام کی رائے کے ذریعے کرنا مناسب ہوگا، وزیراعظم کے مشیر

اسلام آباد(اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، یہ معاملہ عوام کے حوالے کیا جائے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کا معاملہ اس قدر متنازع شکل اختیار کرچکا ہے کہ اب اس کا بہتر حل عوام سے براہ راست رائے حاصل کرنے میں ہی نظر آتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں موجودہ بحرانی صورتحال کے تناظر میں عوام سے اس معاملے پر رائے لینے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق عوامی مؤقف سامنے لایا جا سکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے معاملے کو سیاسی طور پر جس حد تک متنازع بنایا جاچکا ہے، اس کا فیصلہ عوام کی رائے کے ذریعے کرنا مناسب ہوگا۔وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ریفرنڈم کے معاملے پر خون کی ندیاں بہانے کی بات کررہے ہیں، جبکہ دوسری جانب بعض حلقوں کی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، بلوچستان وومن پرموٹ ٹیلنٹ اور نیو پہناوٗ بوتیک اینڈ سیلون کے زیر اہتمام خواتین کی ایوارڈ گولڈ میڈل تقریب کے موقع پر زارا پروین، جہاں آراء تبسم، فائزہ اور دیگر خواتین کا گروپ فوٹو



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا سینٹر کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

اسکردو میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری تک گر گیا، کوئٹہ میں پارہ 3 ڈگری ریکارڈ

ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ، سکردو (اے این این) اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر نے معمولات زندگی متاثر کرنا شروع کردیے، شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے سے درختوں اور پتوں پر برف کی سفید تہہ جم گئی، جبکہ کوئٹہ میں بھی

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم 30 نومبر سے روس کا 3 روزہ سرکاری دورہ کریں گے

وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے

اسلام آباد(سی ایم لنکس)وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔رپورٹ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف 30 نومبر کو روس کے سرکاری دورے پر ماسکو روانہ ہوں گے، ماسکو میں روسی صدر ولادیمیر

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 1

خارجہ کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری یورپ عائشہ علی نے پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ کا استقبال کیا۔ تگال کے وزیر خارجہ، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے ساتھ وفود کی سطح پر مذاکرات کریں گے، پاکستانی قیادت سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پرتگالی وزیر خارجہ پاکستان۔ پرتگال بزنس فورم کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کیلئے ایک کاروباری وفد کے ہمراہ پاکستان آئے ہیں۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر پرتگال کے وزیر مملکت و وزیر خارجہ مالور تیشجل ماکستان کا دورہ کررہے ہیں۔

بقیہ 2

تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 3

قرار دیتے ہوئے کہا کہ افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا۔ ان کا کہنا تھا پاکستان عالمی طاقتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے تعاون کا حامی ہے، پاکستان امریکا اور چین کے درمیان پل کا کردار ادا کرتا رہیگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون علاقائی استحکام کے لیے اہم ہے۔

بقیہ 4

اسمبلی کے آئینی اختیارات پر قدغن کے مترادف ہوگا۔ رضا ربانی کے مطابق کوئی عدالت آئین میں ایسی تشریح شامل نہیں کرسکتی جو اس میں موجود نہ ہو، کوئی عدالت نہ ہی آئین کو ازسرنو تحریر کرسکتی ہے، کوئی عدالت ایسا کرتی ہیتو وہ آئینی طریقہ کار اور صوبائی اسمبلی کیآئینی حق کو مجروح کرنا ہوگا۔ رضا ربانی کا مزید کہنا تھا کہ ایسا اقدام آئین پاکستان کے بنیادی اصول کو تبدیل کرنے کے مترادف ہوگا، کیا ہمارا موجودہ نظام اس نوعیت کے انحراف کا متحمل ہوسکتا ہے؟

بقیہ 5

زارتی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے اردو زبان میں اظہار خیال کیا، اپنے خطاب کے دوران انہوں نے مرزا غالب اور علامہ اقبال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، پاکستان گندھارا اور بدھ مت سمیت مختلف قدیم تہذیبوں کا امین ہے اور اس کے تاریخی وتہذیبی روابط فارس اور عرب سے لے کر وسطی ایشیا کے تاریخی شہروں بخارا اور سمرقند تک پھیلے ہوئے ہیں، اس لیے وہ تمام رکن ممالک کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ان قدیم اور مشترکہ روابط سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اجلاس سے خطاب میں ڈاکٹر مصدق ملک نے تین نکاتی فارمولا پیش کرتے ہوئے تجویز دی کہ ایس سی او ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دیا جائے، تاریخی ورثے کو محفوظ بنایا جائے اور تہذیبی آثار کو موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے بچانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں، ان مقاصد کے حصول کے لیے وفاقی وزیر نے ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق ایس سی او نیٹ ورک اور ایک ڈیجیٹل لائبریری قائم کرنے کی تجاویز بھی پیش کیں تاکہ رکن ممالک تاریخی و ثقافتی معلومات اور تحفظ کے طریقوں کا تبادلہ کرسکیں۔ بتایا گیا ہے کہ فورم کے موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور بھارتی وزیر جنذر سنگھ شیخاوت کے درمیان نئی دہلی کے پرانے قلعے میں ایک غیر رسمی ملاقات بھی ہوئی، جس میں دونوں وزرا کافی دیر تک باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کرتے رہے، اس کے علاوہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے آذربائیجان کے وزیر ثقافت ڈاکٹر عادل کریمی، کرغزستان کے وزیر مملکت برائے اطلاعات، تاجکستان کی وزیر ثقافت مطلوبہ خان اور نیپال کے وزیر ثقافت کھڑک راج پاوڈل سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں، جبکہ ڈاکٹر مہدی ایمانی کی قیادت میں ایرانی وفد نے بھی ان سے ملاقات کرکے باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 6

اضلاع میں 100 روزہ اور 180 روزہ ترقیاتی منصوبے بھی شروع کئے جائیں گے۔ ترقیاتی پیکج کے تحت امن و امان کے 62 منصوبوں پر 39 ارب 19 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ دستاویزات کے مطابق صحت کے شعبے کے 41 منصوبوں کے لئے 3ارب 20 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ مخصوص اضلاع میں تعلیم کے 72 منصوبوں پر 12ارب 90 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ باجوڑ، کرم اور ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 دانش اسکول قائم کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 70 اسکولوں کی مرمت اور اپ گریڈیشن جبکہ 409 اسکولوں کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا۔ مخصوص اضلاع میں سڑکوں کی بہتری کے 32 منصوبوں کیلئے 12ارب 70 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی پیکج میں ٹل پاراچنار روڈ اور گومل زام ڈیم کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ اسی طرح 88 مقامات پر پانی کی فراہمی کی اسکیموں کو ریٹرائز کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو پانی کی فراہمی میں سہولت فراہم کی جاسکے۔ زرعی شعبے میں بھی خصوصی اقدامات تجویز کیے گئے ہیں جن کے تحت 1000 طلبہ کو چین میں زرعی تعلیم کے لیے اسکالرشپس دی جائیں گی۔ دستاویزات کے مطابق خیبر پختونخوا کے 25 اضلاع میں مجموعی طور پر 219 ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام کیا جائے گا۔

بقیہ 7

مسودہ پیش کردیا گیا ہے جبکہ آسٹریلیا اور ترکیہ کو توقع ہے کہ تقریباً 200 ممالک اس پر اتفاق کرلیں گے۔ رواں سال ہونے والی کوپ کانفرنس پہلی ایسی عالمی ماحولیاتی کانفرنس ہے جس سے قبل اقوام متحدہ کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اور ان کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ کانفرنس کی صدارت کرنے والے ترکیہ کے وزیر ماحولیات مرات کوروم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایسا مسودہ پیش کیا گیا ہے جس پر تمام فریق اتفاق کرسکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی منظوری کے لیے اجلاس آج دوبارہ طلب کیا جائے گا۔ مرات کوروم کے مطابق نئے معاہدے میں فوسل فیول سے متعلق تحفظات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت فراہم کرنے کے معاملات کو بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے قبل معاہدے کے ابتدائی مسودے کو بعض ممالک کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا کیونکہ اس میں فوسل فیول کے استعمال کو ختم کرنے سے متعلق کوئی حوالہ شامل نہیں تھا۔ نئے مسودے میں سابقہ تجاویز کو مزید بہتر بنایا گیا ہے تاکہ مختلف ممالک کے تحفظات دور کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جاسکے۔ نئے معاہدے کی تیاری میں آسٹریلیا اور ترکیہ نے اہم کردار ادا کیا جبکہ دنیا کے امیر، غریب، بڑے اور چھوٹے ممالک کے تقریباً 200 وفود کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی گئی۔ آسٹریلیا مذاکرات کی قیادت کررہا ہے جبکہ ترکیہ کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ معاہدے کے مسودے پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے وفود کو اتوار کا تنک کا وقت دیا گیا تھا۔ آسٹریلیا اور ترکیہ کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ایسے معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کی ضروریات اور فوسل فیول کی پیداوار یا استعمال پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے مفادات میں توازن قائم کرسکے۔

بقیہ 8

خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے کثیر الجہتی فورمز پر تعاون اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر گفتگو کی۔ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران علاقائی پیش رفت پر مشاورت جاری رکھنے کے لیے مستقبل قریب میں آر فور (R4) ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس بلانے کے امکان پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 9

پر اتیس پر اطمینان کا اظہار کیا، شہریوں کا کہنا تھا کہ انہیں 10 سے 15 منٹ میں باری مل گئی اور انتظار نہیں کرنا پڑا، جبکہ دو سال قبل انہیں دو دو گھنٹے انتظار کرنا پڑتا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے رش کے باوجود شہریوں کے لیے اچھے انتظامات کرنے پر نادرا حکام کی تعریف کی اور نادرا سنٹر پیکو روڈ کی انچارج اور عملے کو شاباش دی۔ اس موقع پر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی ہر موقع پر مکمل رہنمائی کی جائے تاکہ انہیں بار بار آنے کی زحمت نہ ہو، نادرا سنٹر پیکو روڈ پر شہریوں کا فیڈ بیک بہت مثبت تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ عوام کو تیز رفتار اور بہترین خدمات کی فراہمی ہمارا مشن ہے۔

بقیہ 10

ساعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ ساعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی جاچکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے ہدایت کی گئی ہے کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ ساعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا ازسرنو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اور ان میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ ساعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دوران ساعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جارہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہوسکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جارہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ ساعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی ہدایت کی کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا ازسرنو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اور ان میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ ساعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دوران ساعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جارہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہوسکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جارہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔

بقیہ 11

کی عہدیدار زولو نے بتایا کہ اس مشترکہ مشق میں تینوں طلابا پُرعزم تھے اور انہوں نے تمام آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے، تمام تر تربیت مکمل کرنے کے بعد ایک پاکستانی خلابازچین کے شین زو-24 خلائی جہاز کے ذریعے خلا میں جائے گا۔ پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدوں سے نکل کر خلا کی وسعتوں کو چھو رہی ہے۔

بقیہ 12

پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن و امان کا قیام، عوام کا تحفظ اور خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جن کے لیے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ناگزیر ہے ملاقات میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ایس پی زیارت عبدالمالک درانی، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہد غلزئی، فوکل پرسن ہرنائی حاجی بازمحمد دومڑ اور دیگر قبائلی وسیاسی شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 13

کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا کے شہداء اور ریاست کے حوالے سے ایشوز پر اعتراض تھا، پی ٹی آئی والے پہلے مولانا کے بارے میں کیا کہتے تھے، معافی تو مانگ لیں، گورنر راج لگانے میں سب سے بڑا ہاتھ تحریک انصاف کا ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبہ ہمارے ہاتھ سے نکل رہا تھا، جب چیزیں ٹھیک ہوں گی تو گورنر راج بھی ختم ہوجائے گا۔

بقیہ 14

ہے اگلے بجٹ سے پہلے ہونا ہے، نئے صوبے ہماری نسلوں کی بقا کا معاملہ اور ہماری لائف لائن ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر صوبوں کی گفتگو آفیشل نہ ہوتی تو اب تک اسے کوئی نہ کوئی رکوا دیتا، اب کوئی پارٹی نہیں بلکہ ریاست بچانے کا وقت آ گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کو بھی مشورہ ہیکہ وہ بغیر کسی شرط کے نئے صوبوں کے معاملے کی حمایت کرے کیونکہ یہ اس کے لئے ریاست کے ساتھ اپنے معاملات بہتر بنانے کا بہترین موقع ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم چاہیں تو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر ریفرنڈم کی منظوری بھی لے سکتے ہیں، آصف علی زرداری سمجھدار ہیں اور جانتے ہیں کہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے۔

بقیہ 15

جس میں بلاول بھٹو کے حالیہ بیانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اراکین نے بلاول بھٹو سے اپنے بیانات پر عملی مظاہرہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں ارکان نے سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی اور جنیدا کبر سمیت گرفتار رہنماؤں کو منظر عام پر لانے کا مطالبہ کیا، اور کہا گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا مکمل حق دیا جائے۔ ارکان قومی اسمبلی نے کہا عمران خان کو فوری طور پر ذاتی معالج، اہل خانہ اور وکلا سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔ ارکان نے علیمہ خان کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کی مذمت کی اور فوری رہائی کا مطالبہ کیا، اور بشریٰ بی بی کی رہائی اور انصاف کے تقاضے پورے کرنے پر زور دیا۔ ارکان نے کہا پاکستان تحریک انصاف کے گرفتار رہنماں اور کارکنوں کے مقدمات میرٹ پر چلائے جائیں، سیاسی انتقامی کارروائیاں بند کی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ منتخب نمائندوں اور سیاسی کارکنوں کو غیر قانونی طور پر غائب کرنا جمہوری اقدار کی توہین ہے۔ ارکان نے خیبر پختونخوا میں سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپوں اور تھری ایم پی او کے تحت گرفتاریوں کی مذمت کی، اور کہا چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرنا اور سیاسی کارکنوں کو ہراساں کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ انھوں نے کہا تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم کی گرفتاری عدالتی احکامات اور قانون کی حکمرانی پر سوالیہ نشان ہے، انھیں فوری عدالت میں پیش کر کے رہا کیا جائے۔ پی ٹی آئی اجلاس میں دہشت گردی کو جواز بنا کر خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ مسترد کیا گیا، اور کہا گیا کہ صوبے میں دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی تھی۔ اجلاس میں نیشنل ایکشن پلان پر موثر عمل درآمد اور صوبائی حکومت و سیاسی جماعتوں کی منظور کردہ قرارداد پر عمل کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ تحریک انصاف نے بلاول بھٹو زرداری کی عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ ارائین کا کہنا تھا کہ بلاول نیک نیتی ثابت کرتے ہوئے گورنر راج کے خاتمے کے لئے کردار ادا کریں اور گورنر راج اور ایمرجنسی کی توسیع کے حق میں قومی اسمبلی میں ووٹ نہ دیں۔ پی ٹی آئی ارکان نے کہا گورنر راج اور ایمرجنسی سے صوبے کے سیاسی، معاشی اور انتظامی مسائل مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں، ارکان نے خیبر پختونخوا کے مالی حقوق کی ادائیگی میں تاخیر اور وسائل میں کٹوتیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ارکان نے کہا وفاق نے خیبر پختونخوا کے لیے 160 ارب روپے کا وعدہ پورا کرنے کی بہ جائے 157 ارب روپے کی کٹوتی کر لی، صوبے کو آئینی اور مالی حقوق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ ارکان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی سیکیورٹی یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ارکان نے آئین و قانون کی بالا دستی، سیاسی آزادیوں، صوبے کے مالی حقوق اور عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کا عزم کیا۔

بقیہ 16

سردی کی شدت بڑھنے لگی ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے، بالائی علاقوں میں یخ بستہ ہواؤں کے باعث صبح اور شام کے اوقات میں سردی کی شدت زیادہ محسوس کی جارہی ہے۔ اسکردو اور ملحقہ علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے 6 ڈگری نیچے جانے کے باعث درختوں اور پتوں پر جمنے والی برف نے موسم کی شدت کو نمایاں کردیا ہے۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی سردی کی لہر برقرار ہے۔ کوئٹہ میں درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ قلات میں صفر ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 6، ژوب میں 10، سبی میں 13 اور تربت میں 16 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں سرد اور خشک موسم کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی جارہی ہے، جبکہ سردی سے متاثرہ افراد کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 17

پیوٹن سے اہم ملاقات متوقع ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوگا، وزیر اعظم روسی صدر پیوٹن کو آئندہ سال پاکستان کے دورے کی دعوت دیں گے۔ پاکستان اور روس کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون بڑھانے پر بات ہوگی، توانائی، تیل و گیس، صنعتی ترقی اور پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی کے امور زیر غور آئیں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان بینکاری اور تجارتی ادائیگیوں کے مسائل حل کرنے پر بھی بات چیت متوقع ہے۔ وزیر اعظم روسی دورے کے بعد ایران جائیں گے، وزیر اعظم 3 دسمبر سے شروع ہونے والے 18 ویں ای سی او سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ 18

سے جنوبی پنجاب کے شہروں کے مسائل حل ہوسکیں گے۔ شہریوں کے مطابق نئے صوبے بننے سے سندھ کے نظرانداز علاقے بھی ترقی سے مستفید ہوں گے۔

بقیہ 19

اور غیر سرکاری تجارت کا موجودہ حجم تقریباً 6 ارب ڈالر بتایا۔ ان کے مطابق دونوں ممالک میں وسیع معاشی صلاحیتیں موجود ہیں اور باہمی تجارت کو 10 ارب ڈالر سے زیادہ تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے صنعتی شعبے، زراعت، کان کنی اور تکنیکی و انجینئرنگ خدمات کو دوطرفہ اقتصادی تعاون کے اہم شعبے قرار دیا۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق پاکستان کی منڈی میں ایران کی بنیادی برآمدی صلاحیتوں میں پیٹرو کیمیکلز، مائع پیٹرولیم گیس) ایل پی جی (، اسٹیل، ٹائلز اور سیرامکس شامل ہیں۔ انہوں نے ایرانی برآمد کنندگان پر زور دیا کہ وہ پاکستانی مارکیٹ کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھیں اور زیادہ سے زیادہ مارکیٹ شیئر حاصل کرنے کیلئے معیاری اشیا مسابقتی قیمتوں پر فراہم کریں۔ سید مہرداد سادات نسب نے ایرانی برآمدات اور درآمدات کے لیے پاکستانی بندرگاہوں کے استعمال کو اسٹریٹجک اہمیت کا حامل قرار دیا۔

بقیہ 20

کارروائی کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ دوسری جانب سعودی شہری دفاع نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سکیورٹی اور دفاعی کارروائیوں سے متعلق غیر مصدقہ معلومات یا حساس تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کریں۔ حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرکاری ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ اطلاعات کو ہی مستند سمجھیں۔ دوسری جانب ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ معاہدے کے اثرات صرف آبنائے ہرمز کے کھلنے تک محدود نہیں ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ممکنہ معاہدہ آبنائے ہرمز سے آگے عالمی معیشت کو سہولت فراہم کرنے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوگا۔ فیدان نے سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جھڑپوں کے بارے میں بھی کہا کہ انقرہ کی ترجیح سعودی عرب کا دفاع ہے، تاہم انھوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ترک حکومت نے ابھی تک یمن میں فوج بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ ترکی، سعودی عرب اور پاکستان مکہ دفاعی اتحاد کا حصہ ہیں۔

بقیہ 21

جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا جارہا ہے کہ ملک کی 83 فیصد آبادی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کرتی ہے۔

بقیہ 22

اڈوں، چیک پوسٹوں اور سرکاری دفاتر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ دفاعی ماہرین کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ طالبان رجیم میں داخلی انتشار اور گورننس بحران کے باعث افغانستان کے مختلف صوبوں میں مسلح مزاحمتی کارروائیوں میں اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ 23

کے ساتھ مذاکرات کررہی ہے، تاہم امریکا کا مقصد محض عارضی مفاہمت کے بجائے ایسا مضبوط اور دیرپا سمجھوتا کرنا ہے جو مستقبل کی امریکی قیادت کی تبدیلی سے متاثر نہ ہو۔

بقیہ 24

پاک ایران شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے تفتان سے دالبندین آنے والی مال بردار بس پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق مال بردار بس میں چار افراد سوار تھے اور گاڑی تفتان سے دالبندین کی جانب آ رہی تھی کہ ڈھڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا ایک اور واقعے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق دونوں گاڑیاں تفتان سے دالبندین کی جانب بغیر کسی سیکیورٹی کا نوائے کے سفر کر رہی تھیں، جبکہ واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور مقامی انتظامیہ مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ 25

گاڑی بھی قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے شہزادٹان تھانے منتقل کر دی گئی ہے۔ اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس نے نیلور اور کھنہ پل کے درمیان شہزادٹان تھانے کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ آئی سی ٹی پولیس اہلکار نے اتوار کو میڈیا کو بتایا کہ ایس ایچ او شہزادٹاون نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت و لاپروائی سے گاڑی چلانے والے دو ملزمان کو گرفتار کیا، جن کی گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ واقعے میں ملوث گاڑی بھی قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے شہزادٹان تھانے منتقل کردی گئی ہے۔

بقیہ 26

گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی اور مستقل عزم ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔

بقیہ 27

2026 کے اختتام تک 90.98 ٹریلین روپے تک جا پہنچے، اس طرح ایک سال کے عرصے میں سرکاری قرضوں میں مجموعی طور پر 6.2 ٹریلین روپے یعنی 6 ہزار 200 ارب روپے کا اضافہ سامنے آیا ہے، وزارت خزانہ کی جانب سے مالی سال 2027 سے 2029 کے لیے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں ان اعداد و شمار کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جون 2026 کے اختتام تک حکومت کے مجموعی قرضوں اور حکومت کی جانب سے ضمانت فراہم کردہ قرضوں کی مشترکہ مالیت 90.98 ٹریلین روپے ریکارڈ کی گئی جب کہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ حجم 84.8 ٹریلین روپے تھا، قرضوں کی پائیداری کے تجزیے کا مقصد درمیانی مدت میں قرضوں کے رجحانات اور مالیاتی ذمہ داریوں کا جائزہ لینا ہے۔ رپورٹ میں یہ اہم پہلو بھی سامنے آیا ہے کہ سرکاری قرضوں میں سالانہ بنیادوں پر 6 ہزار 200 ارب روپے کے نمایاں اضافے کے باوجود مجموعی قرضوں کا ملکی مجموعی قومی پیداوار یعنی جی ڈی پی سے تناسب پہلے کے مقابلے میں کم ہو کر 72 فیص

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے پشاور کے علاقے مٹنی میں فتنہ الخوارج کے خلاف مشترکہ کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس ہیں۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور فیصلہ کن کارروائی نے دہشت گردی کے ایک بڑے خطرے کو ناکام بناتے ہوئے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابلِ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

حب میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر امیدواروں کے انٹرویوز شروع، انتظامات مکمل

ڈپٹی کمشنر حب کی نگرانی میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری

حب (خ ن) وفاقی محکموں میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز آج صبح 9 بجے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر (ٹی ٹی سی) حب میں ہوگیا۔ انٹرویوز کا عمل منظم ماحول میں جاری ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے تمام تر انتظامات مکمل کیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ٹیسٹ انٹرویو شیڈول کے مطابق آج ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، جبکہ تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل تسلی بخش منظم انداز میں جاری ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کی سہولت کے لیے جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام پینلز کو ضروری فرنیچر، نشستوں، لیپ ٹاپس، معاون عملے اور کلریکل اسٹاف سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہیں تاکہ انٹرویوز کا عمل بلا تعطل جاری رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر حب خود انٹرویو کے عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ بھرتیوں کے تمام

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

صدر مملکت کا لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لبنان کی خودمختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے موجودہ سکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار اور اسرائیل کی جانب سے لبنان کی خودمختاری کی مسلسل خلاف ورزیوں اور دراندازیوں کی مذمت کی ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کے مطابق صدر مملکت نے لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر صدر جنرل جوزف عون کے نام اپنے خط میں پاکستان کی حکومت، عوام اور اپنی جانب سے لبنانی عوام کو دلی مبارکباد پیش کی اور نیک تمناں کا اظہار کیا۔ صدر

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

سید یوسف رضا گیلانی کی مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کی رسمِ قل میں شرکت

ملتان (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے منعقدہ رسمِ فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و رکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی وسماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر علامہ مظہر سعید کاظمی نے مرحوم کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی، جبکہ معروف ثنا خواں حمید نواز، وحید نواز اور سعید نواز نے بارگاہِ رسالت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے منعقدہ رسمِ فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و رکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

خواتین کے حقوق کا تحفظ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے، وزیراعظم نذیر تارڑ

خواتین کو تعلیم، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں موثر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے

پاکستان خواتین کو مساوی حقوق، باوقار مقام اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر

استنبول (یو این اے) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف وانسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ کی قیادت میں پاکستانی وفد نے ترکیہ کے شہر استنبول میں منعقدہ ساتویں عالمی ویمن سمٹ میں شرکت کی، جہاں خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ، انہیں بااختیار بنانے، مساوی مواقع کی فراہمی اور پاک ترکیہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور زیرِ بحث آئے۔ ساتویں عالمی ویمن سمٹ کا انعقاد ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی و سماجی خدمات ماہینور اوزدمیر گوکتاش کی میزبانی میں کیا گیا، جس میں مختلف ممالک کے وفود نے شرکت کی۔ کنوینر برائے جینڈر مین اسٹریمنگ سارہ احمد بھی پاکستانی وفد کے ہمراہ سمٹ میں شریک ہوئیں۔ وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نے سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے خواتین کو بااختیار بنانے، مساوی حقوق، تعلیم اور معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خواتین کو مساوی حقوق، باوقار مقام اور ترقی کے یکساں مواقع

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج سے پارٹی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ ثناء اللہ جنگ اور حاجی اختر بلوچ کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

روہڑی ریلوے اسٹیشن کے اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند

روہڑی ریلوے اسٹیشن پر ریلوے حکام کی کارروائی، دو اسٹالوں پر غیر متعلقہ سامان کی فروخت روک دی

سکھر (پ ر) روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت روکنے کے احکامات جاری کیے ریلوے حکام کی جانب سے نوٹس لینے کے بعد دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری سامان کی فروخت بند کروادی گئی، جسے مسافروں کی سہولت اور ریلوے اسٹیشن کے نظم و ضبط کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے مسافروں نے ریلوے حکام کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم تمام اسٹالوں کی ہوئے متعلقہ اسٹالوں کا جائزہ لیا اور اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت روکنے کے احکامات جاری کیے ریلوے حکام کی جانب سے نوٹس لینے کے بعد محکمہ ریلوے کے افسران نے نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کی اور دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند کروادی تفصیلات کے مطابق روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹالوں پر کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ غیر ضروری سامان کی فروخت کے حوالے سے اخبارات میں خبریں شائع ہوئی تھیں، جس کے بعد ریلوے حکام نے معاملے کا نوٹس لیتے

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، ٹرک کے بریک فیل ہونے پر حادثہ، 2 افراد جاں بحق، 7 زخمی

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے گلشن اقبال مشرق سینٹر کے قریب تیز رفتار ٹرک کے بریک ہوگئے جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مشرق سینٹر کے قریب ٹرک کا اچانک بریک فیل ہوگیا جو موٹر سائیکل گاڑی اور پولیس موبائل سے ٹکرا گیا حادثے میں موٹر سائیکل سوار اور راہگیر زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لئے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جن میں سے 2 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ حادثے کے نتیجے میں زخمیوں میں تین بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس نے حادثے کے بعد ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا، گرفتار ڈرائیور نے بتایا کہ بریک فیل ہونے کی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

چونیاں، فصل میں داخل ہونے والی بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں

فصور (جی این ایم) چونیاں میں انسانیت کو جھنجھوڑ دینے والا افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں مبینہ طور پر فصل میں داخل ہونے پر ایک بے زبان بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں۔ تفصیل کے مطابق چونیاں کے علاقے کوٹ گاما میں راستے سے گزرتے ہوئے ایک بھینس مبینہ طور پر محمد خوشی کی فصل میں داخل ہوگئی، جس پر بھینس کے مالک محمد طارق نے الزام عائد کیا ہے کہ بااثر افراد نے طیش میں آ کر بے زبان جانور پر تشدد کیا اور اس کی ٹانگیں کاٹ دیں۔ افسوسناک واقعے پر اہل علاقہ میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور ڈی پی او قصور سے شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

فلور ملز مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

کراچی (جی این ایم) سندھ میں فلور مل مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرا دی گئی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت سندھ جام اکرام اللہ دھاریجو سے گھوٹکی میں فلور مل مالکان اور بینک نمائندوں کی ملاقات ہوئی، جس میں کوٹہ کم ہونے اور جاری نہ ہونے کے مسائل اٹھائے گئے۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر وزیر خوراک سے رابطہ کیا اور مسائل کل تک حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلور مل مالکان کے مسائل حل کیے جائیں گے، فلور مل مالکان کے جائز مسائل حل کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔ ن کو

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، پولیس کا موٹر سائیکل سوار ملزم سے مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (اے این این) بوٹ بیسن پولیس کا موٹر سائیکل سوار ملزم سے مقابلہ ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ بوٹ بیسن پولیس نے دوران گشت اتوار بازار بلاک 2- کلفٹن کے قریب موٹر سائیکل پر سوار مشکوک شخص کو رکنے کا اشارہ کیا۔ پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی ملزم نے فائرنگ شروع کردی۔ پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت نادر شاہ ولد سفید گل کے نام سے ہوئی۔ ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول بمعہ راؤنڈز اور ایک بغیر نمبر پلیٹ 125 برآمد ہوئی۔ گرفتار زخمی ملزم کو علاج معالجے کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے سے متعلق

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

پشکان کے خصوصی افراد کی گھر گھر جا کر رجسٹریشن کا فیصلہ

گوادر (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے معاون خصوصی وسیم صمد نے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان سے ملاقات کی، جس میں پشکان کے خصوصی افراد کی رجسٹریشن، انہیں سرکاری سہولیات تک رسائی اور فلاحی اقدامات سے مستفید کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں بتایا گیا کہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کوششوں اور نادرا کے تعاون سے گزشتہ دنوں پشکان میں موبائل رجسٹریشن وین بھیجی گئی تھی، جس کا مقصد خصوصی افراد کے لیے رجسٹریشن کے عمل کو آسان اور قابلِ رسائی بنانا تھا۔ تاہم ایسے افراد جو شدید جسمانی معذوری کے باعث گھروں سے باہر نکلنے سے قاصر ہیں۔ تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں بتایا

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 5 پر)

پشتونوں کو ترقی، خوشحالی اور روزگار سے محروم رکھا جا رہا ہے، پی کے میپ

پشتونوں کے وسائل اور معدنیات پر قبضے کی کوششیں ہو رہی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل سرِ یاب کے صدر سید عبدالخالق آغا کی زیرِ صدارت تحصیل ایگزیکٹیوز اراکین کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، ضلع سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی، ضلع معاونین وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں 2 دسمبر کو کوئٹہ کے ایوب سٹیڈیم فٹبال گراؤنڈ میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کو زیرِ غور لا یا گیا اور نئے ایگزیکٹیوز اراکین کو متعارف کیا گیا۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی بیسویں صدی کے ان عظیم رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے فرنگی استعمار کی استبداد ظلم وجبر، استعماریت کیخلاف تاریخ ساز جدوجہد کی اور ملک میں فوجی آمریتوں بالخصوص جنرل ایوب کی فوجی آمریت کے تمام دور میں وہ پابند سلاسل رہے اور ان کی لازوال جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت خطے کے ممالک اور اقوام

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا، ناصر حسین شاہ

کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (جی این ایم) سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے واضح کیا ہے کہ سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاسکتا، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا۔ حیدرآباد میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ آج بھی ایک ہے اور مستقبل میں بھی ایک ہی رہے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ریفرنڈم کے انعقاد سے خوفزدہ نہیں ہے، تاہم اگر پارٹی کو اعتماد میں لیے بغیر یا اسے نظرانداز کرکے اس حوالے سے کوئی فیصلہ کیا گیا تو پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ ناصر حسین شاہ نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے ہیں، انہیں اس معاملے پر ایسی گفتگو کرنے کی ضرورت کیوں پیش آرہی ہے؟ انہوں نے اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی یکجہتی برقرار رہے گی اور صوبے کی تقسیم سے متعلق کسی بھی کوشش کے معاملے پر پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ سندھ کے وزیر

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، جوائنٹ روڈ اتوار بازار میں ایک اسٹال سے شہری سامان خرید رہے ہیں

شمالی غزہ میں اسرائیلی فوج کی دہشت گردی، رہائشی عمارتیں تباہ 3 امدادی کارکن شہید

امدادی قافلے پر حملہ اسرائیلی جنگی جرائم میں نیا اضافہ ہے، حماس کی مذمت

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نیشمالی غزہ کیزیرِ قبضہ علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو دھماکوں سے تباہ کردیا، جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ پر بھی حملہ کیا گیا۔ دوسری جانب غزہ میں شہریوں اور امدادی کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی فوج نے یکھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر بمباری کرکے اسے تباہ کردیا، حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہوگئے۔ حماس نے مدادی قافلے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھوک اور محاصرے کے دوران امدادی گاڑی کو نشانہ بنانا اسرائیلی درندگی کی نئی مثال ہے، یہ کارروائی شہریوں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے کے تسلسل کا ثبوت ہے۔ حماس نے ثالثوں اور ضامن فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال پر غور کے لیے فوری اجلاس بلایا جائےعلاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

غیر ملکی سرمایہ برقرار رکھنے کے لیے بھارت میں ٹیکس رعایتوں پر غور

ٹیکس میں کمی سے سرمایہ کاری بڑھے گی، مگر معاشی استحکام بھی ضروری ہے، ماہرین

اسلام آباد (اے این این) غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر حصص فروخت کیے جانے کے بعد بھارت میں غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے پر غور نے عالمی سرمائے کو ملک میں برقرار رکھنے کے بڑھتے ہوئے چیلنج کو نمایاں کر دیا ہے۔ مالیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ صرف مسابقتی ٹیکس نظام کارپوریٹ آمدن، کرنسی کے استحکام اور معاشی بنیادی عوامل سے متعلق خدشات کو دور نہیں کرسکتا۔ نومبر 2026 کے اوائل تک غیر ملکی سرمایہ کار بھارتی حصص کی تقریبا 31 ارب ڈالر مالیت فروخت کر چکے تھے، تاہم اس کے بعد سرمایہ کاری کے رجحان میں نمایاں تبدیلی آئی اور رواں ماہ غیر ملکی سرمایہ کار دوبارہ خالص خریدار بن گئے۔ بھارت کے بازارِ حصص کے نگران ادارے نے دیگر ابھرتی ہوئی منڈیوں کے مقابلے میں ملک کی مسابقت بہتر بنانے کے لیے غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے کی سفارش کی ہے۔ یہ سفارش حکومت کے اس سابقہ فیصلے کے بعد سامنے آئی ہے جس کے تحت اہل غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرکاری سیکیورٹیز

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

نئے صوبوں کا نعرہ سیاسی سانسیں بحال رکھنے کی ناکام کوشش ہے، سعدیہ جاوید

سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (اے این این) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نیکہا ہے کہ نئے صوبوں کا نعرہ اپنی سیاسی سانسیں بحال رکھنے کی ناکام کوشش ہے۔ کراچی سے جاری بیان میں سعدیہ جاوید نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کے بیان پر سخت ردعمل دیا اور کہا کہ سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے خود ایک انٹرویو میں ایم کیو ایم کو ''رینٹل جماعت'' قرار دیا تھا، کراچی کو را سے آزاد کرانے کے دعوے ماضی کے داغ بیانات سے نہیں دھوتے۔ سندھ حکومت کی ترجمان نے مزید کہا کہ کارکردگی پر طعنہ دینے والے وفاق میں بیٹھ کر عوام کا کون سا دکھ بانٹ رہے ہیں؟ جعلی ڈومیسائل کا راگ الاپنے والے پہلے میرٹ پر دی گئی ہماری نوکریوں کا ریکارڈ دیکھ لیں۔ سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نیکہا ہے کہ نئے صوبوں کا نعرہ اپنی سیاسی سانسیں بحال رکھنے کی ناکام کوشش ہے۔ کراچی سے جاری بیان میں سعدیہ جاوید نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کے بیان پر سخت ردعمل دیا اور کہا کہ سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایران کی بحری ناکہ بندی مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے، امریکی سینٹرل کمانڈ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے۔ سینٹ کام نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے فارسی اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ امریکی فوجی دستے اس ناکہ بندی پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہیں، جس کے ذریعے پاسداران انقلاب کو خام تیل کی برآمدات سے اربوں ڈالر حاصل کرنے سے روکا جا رہا ہے۔ ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور تیل سے متعلق پابندیوں کو اٹھایا جانا، امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے اور آبنائے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایران اور روس کے درمیان جوہری تعاون جاری رہے گا: روسی عہدیدار

ماسکو (جی این ایم) روس کی سرکاری جوہری توانائی کمپنی روس ایٹم کے سربراہ الیکسی لیخاچیف نے کہا ہے کہ ایران میں بوشہر جوہری بجلی گھر کا منصوبہ رواں سال ہونے والے فوجی حملوں کے دوران کڑے امتحان سے گزرا اور یہ کہ ایران اور روس کے تعلقات بیرونی دبا کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے ویستی کو انٹرویو میں لیخاچیف نے بتایا کہ روسی ماہرین کی اکثریت نے ایرانی حکام کے ساتھ رابطے اور ہم آہنگی کے بعد بوشہر جوہری بجلی گھر کے مقام سے واپسی اختیار کر لی ہے۔ انھوں نے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن بجلی گھر کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے تھے اور انھوں نے اپنے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

انڈونیشیا، فیکٹری میں آتشزدگی سے 3 افراد ہلاک، 36 لاپتہ افراد کی تلاش جاری

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا میں ایک فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی کے بعد امدادی ٹیموں نے ملبے میں پھنسے افراد کی تلاش کا آپریشن شروع کر دیا۔ واقعے میں ابتدائی طور پر 3 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ 36 افراد تاحال لاپتہ ہیں، جن کے بارے میں خدشہ ہے کہ وہ آگ لگنے کے بعد عمارت کے اندر پھنس گئے۔ آگ ہفتے کی سہ پہر صوبہ بنتن کے شہر سرنگ کے علاقے چیکانڈے میں واقع کینڈی بنانے والی فیکٹری میں لگی، جہاں دودھ سے بنی مٹھائیاں اور دیگر مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ آگ نے تین منزلہ فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جبکہ عمارت کی چھت

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے کم عمر ترین صدر منتخب

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر امراضِ قلب پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے کم عمر ترین صدر منتخب ہوگئے۔ انہوں نے اسلام آباد میں منعقدہ 55 ویں سالانہ قومی کانفرنس کارڈیوکان 2026 کے دوران باضابطہ طور پر اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی اس وقت بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیزز کوئٹہ BICVD کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ گزشتہ دو دہائیوں سے امراضِ قلب کے جدید علاج، طبی تعلیم اور تحقیق کے شعبوں میں نمایاں خدمات

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کراچی (اے این این) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار، حسین نقی کی صحافتی خدمات اور انسانی حقوق کے لیے جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، سید مراد علی شاہ نے کہا کہ حسین نقی نے صحافت میں اصول پسندی، جرات اور حق گوئی کی روشن مثال قائم کی، حسین نقی کا انتقال صحافتی برادری اور انسانی حقوق کے لیے بڑا نقصان ہے، حسین نقی کی صحافت اور انسانی حقوق کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں، وزیراعلیٰ سندھ کا حسین نقی کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار، حسین نقی کی صحافتی خدمات اور انسانی حقوق کے لیے جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

سید یوسف رضا گیلانی کی مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کی رسمِ قل میں شرکت

ملتان (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے منعقدہ رسمِ فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و رکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی وسماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر علامہ مظہر سعید کاظمی نے مرحوم کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی، جبکہ معروف ثنا خواں حمید نواز، وحید نواز اور سعید نواز نے بارگاہِ رسالت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے منعقدہ رسمِ فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و رکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسد قیصر کا بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم

اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی کے موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسد قیصر نے مزید کہا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماو?ں، کارکنوں کے مقدمات میرٹ پر چلائے جائیں۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما اسد

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایران تنازع کے باعث معاشی مشکلات بڑھ گئیں، ترکیہ

مستقبل میں اسکے اثرات انتہائی تباہ کن ہو سکتے

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر عمر
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2453865 ,081-2820055
کمپلینٹ نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

عالمی طاقتیں اور جوہری ہتھیار

امریکہ، چین اور روس کے صدور ڈونلڈ ٹرمپ، شی جن پنگ اور ولادیمیر پیوٹن نے جوہری جنگ روکنے، جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام، توانائی کے تحفظ اور عالمی اداروں میں اصلاحات کے لئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ تینوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان پہلا غیر معمولی سہ فریقی سربراہی اجلاس ہوا۔ مشترکہ اُمن اعلامیہ کے مطابق ایٹمی ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے لئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ جوہری جنگ نہ تو جیتی جاسکتی ہے اور نہ ہی یہ کبھی لڑی جانی چاہئے، جوہری ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے لئے باہمی مذاکرات اور تعاون جاری رہنا چاہئے۔ تینوں ممالک نے عالمی استحکام کے لئے توانائی کی مستحکم فراہمی کو اہم قرار دیتے ہوئے ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار اور رسد بڑھانے کے منصوبوں پر بھی اتفاق کیا۔ اس کے علاوہ اقوام متحدہ کے نظام میں اصلاحات اور عالمی اداروں کو مزید مؤثر بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کا عزم بھی کیا گیا۔ اعلامیے میں بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) اور اس نوعیت کے دیگر اداروں کو اپنے دائرہ اختیار کے ناجائز استعمال سے روکنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اور ریاستوں کی رضا مندی، خود مختاری اور سرکاری عہدیداروں کو حاصل سفارتی استثنیٰ کے احترام کو اہم قرار دیا گیا۔ واضح رہے کہ دی ہیگ میں قائم عالمی عدالت فوجداری نے یوکرین جنگ کے معاملے پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور پانچ دیگر روسی حکام کے وارنٹ گرفتاری جاری کر رکھے ہیں، جنہیں ماسکو مسترد کرتا ہے، جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی اس عدالت کے اختیارات محدود کرنے سے متعلق بیانات دے چکے ہیں۔ اجلاس کے آغاز پر چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ تینوں ممالک کو عالمی چیلنجوں سے نبٹنے کے لئے مل کر کام کرنا اور دنیا کے دیگر ممالک کے لئے مثال قائم کرنی چاہئے۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں پر واضح موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ان پر مکمل پابندی عائد کرکے انہیں ختم کیا جانا چاہئے تاکہ جوہری ہتھیاروں سے پاک دنیا قائم ہوسکے۔ اُنہوں نے تینوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں کو باقاعدہ بنانے اور بحرانوں سے نبٹنے کے لئے مشترکہ نظام قائم کرنے کی تجویز بھی دی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ یہ سہ فریقی اجلاس تاریخ رقم کر رہا ہے اور مذاکرات و رابطوں کے مواقع مسترد کر کے کبھی اُمن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں کی تعداد میں کمی اور اُن کے استعمال کے خطرات کو کم کرنے کے لئے مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا، تاہم تسلیم کیا کہ ان ہتھیاروں سے دستبرداری آسان نہیں۔ ایران کا حوالہ دیتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اُسے جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ تینوں ممالک بڑی طاقتیں ہونے کے ناتے عالمی اُمن و سلامتی کے تحفظ کی خصوصی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے عالمی فوجداری عدالت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کر چکا ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ تینوں ممالک تعمیری تعاون کریں تو عالمی استحکام کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ اُن کے بقول بین الاقوامی اُمن و سلامتی برقرار رکھنے میں تینوں ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور علاقائی تنازعات کے حل کے حوالے سے بھی اُن کے کئی مشترکہ مفادات ہیں، جن میں یوکرین کا تنازع شامل ہے۔ صدر پیوٹن نے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملاقات کو سفارتکاری کی تاریخ کا اہم باب قرار دیا، تاہم دعویٰ کیا کہ یوکرین اور یورپی یونین اس تنازع کے حل کے لئے سنجیدگی سے پر آمادہ نہیں ہیں۔ اُنہوں نے یوکرین کی طرف سے روس کو مقبوضہ جزیرہ نما کریمیا سے ملانے والے پُل پر حملے کے جواب میں مزید سخت کارروائی کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ یوکرین کے حملوں کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ تکلیف دہ ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق منگل کو ہونے والے میزائل اور ڈرون حملے میں پُل کا مرکزی سڑک والا حصہ تباہ ہوگیا تھا۔ یہ سہ فریقی اجلاس ایسے وقت میں ہوا ہے جب روس کی یوکرین میں فوجی کارروائیاں جاری ہیں اور ایران پر امریکی حملوں کے بعد مشرق وسطیٰ میں کشیدگی برقرار ہے۔ صدر ٹرمپ نے اجلاس سے قبل صدر شی جن پنگ سے الگ الگ ملاقات بھی کی اور دونوں رہنماؤں کو اپنا دوست قرار دیا۔ دوسری جانب اس ملاقات پر بعض ممالک نے خدشات ظاہر کیے ہیں کہ تینوں بڑی طاقتیں یوکرین اور یورپی ممالک کو براہِ راست مشاورت میں شامل کیے بغیر عالمی معاملات میں اپنے اثر و رسوخ کے دائرے متعین کرنے کی کوشش ہو سکتی ہیں۔ یوکرین کے اتحادی اور نیٹو کے رُکن ملک پولینڈ کے وزیراعظم نے بھی صدر ٹرمپ کی طرف سے پیوٹن کو دوست کہنے پر تنقید کی ہے۔ روسی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اجلاس کی تجویز مبینہ طور پر صدر پیوٹن نے پیش کی تھی۔ اگرچہ اس ملاقات میں جوہری سلامتی، توانائی کے تحفظ، عالمی اداروں میں اصلاحات اور سفارتی استثنیٰ جیسے اہم معاملات پر اتفاق رائے سامنے آیا ہے، تاہم ایران اور یوکرین جنگ سمیت اہم تنازعات کے حل کے لئے کوئی ٹھوس پیش رفت مخصوص معاہدہ یا مشترکہ لائحہ عمل طے نہیں کیا جاسکا اور نہ ہی اعلامیے میں کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کا طریقہ کار واضح کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود امریکہ، چین اور روس کے سربراہان کا ایک میز پر بیٹھنا اور عالمی اُمن و سلامتی کے لئے مشترکہ عزم کا اظہار عالمی سفارتکاری میں اہم پیش رفت ہے، تاہم ان اطلاعات کی اصل اہمیت اُن پر عمل پیش رفت سے مشروط ہے۔ یوکرین اور مشرق وسطیٰ کے تنازعات اور بڑی طاقتوں کے باہمی اختلافات کے تناظر میں محض مذاکرات کافی نہیں، بلکہ ٹھوس اقدامات اور سیاسی عزم بھی ضروری ہیں۔ صدر شی جن پنگ کی طرف سے جوہری ہتھیاروں پر مکمل پابندی اور اُن کے خاتمے کی بات ایک ایسے عالمی تصور کی عکاس ہے جسے عملی شکل دینا آسان نہیں، لیکن ناممکن بھی نہیں ہے۔ جوہری ہتھیاروں سے پاک دنیا ہر کسی کی خواہش ہے اور اس کو پورا کرنے کی ذمہ داری دنیا کی بڑی طاقتوں پر عائد ہوتی ہے۔ صدر شی نے اس سوچ کی داغ بیل ڈال دی ہے، اگرچہ ابھی یہ مشکل بلکہ ناممکن نظر آرہا ہے، لیکن اگر بات چیت کا دروازہ کھلا رکھا جائے اور نیک نیتی سے کوشش جاری رکھی جائے تو دنیا میں امن قائم ہوسکتا ہے۔ یہ بات طے ہے کہ دنیا میں جوہری جنگ ہرگز جیتی نہیں جاسکتی۔

شاہد ملک

ہونے کو ہیں جب ایک دوست کے ساتھ مل کر ہمارے دور کی بیخ نے ایک مشابہہ پیلیش کی ساعت کی تھی۔ اُس وقت کوشش یہ تھی کہ کچھ ہوجائے، حقائق کی پہچان سیاہ و سفید رنگوں کے حوالے سے ہونی چاہیے۔ اب مصنوعی ذہانت کے زیرِ اثر احساس ہو رہا ہے کہ مطلوبہ سچ کبھی کبھی دن اور رات کے بیچ شفق کے علاقے میں بھی جاگزیں ہوجاتا ہے۔ شفق کے علاقے میں صاحب علم سایا لکوٹی انجینئر اسلم خان، جن کا تحدی مسائل پر بیک وقت مختلط اور دیرانہ طرزِ فکر میرے اپنے دل و دماغ کے بہت قریب ہے، رومن رسم الخط کی یلغار پر تسلی دے رہے ہیں ’’میرا گمان کہ یہ لیں یا یقین۔ ایسا ہونا، اور وہ بھی اتنی سُرعت سے، ممکن نہیں۔‘‘

پچھلی مرتبہ جرمنی پاکستان سے بھی بعض آراء ؔ موصول ہوئی تھیں۔ خوش حالی سمیٹ لینے پر وطن سے دُوری ’’آبائی جڑیں اُکھیڑ نکالنے پر جس طرح اُکساتی ہے اِن آراء ؔ میں اُس کا پرتو تو تھا لیکن کچ سخنی یا پوائنٹ اسکورنگ کا شائبہ بالکل دکھائی نہ دیا۔ سب سے پہلے جنرل ضیا کے دور میں جرمن میموں کے دیس میں پناہ لینے والے داؤد کالج کے ہم جماعت جاوید خان کا نمونہ ؔ کلام ملاحظہ ہو۔ فرمایا: ’’جمت اور تحقید برائے تنقید سے ہٹ کر صرف یہ گوش گزار کرنا ہے کہ دنیا کی ہر زبان اپنے مخصوص ’الفابیٹ‘ لکھی اور پڑھی جاتی ہے۔ جب سے اردو وجود میں آئی یہ اردو ہی میں لکھی اور پڑھی گئی ہے۔ چند سال سے ہماری قوم کو پتا نہیں کیا دورہ پڑا ہے۔ نئی نسل کی ساری تعلیم انگلش میڈیم کی ہے۔ اب جس کسی نے اردو پڑھی ہی نہیں وہ لکھے گا کیسے؟‘‘

اِس بار بھی غیر ملکی مشورے اُن دوستوں کے نہیں جو کسی حقیقی یا فرضی بدسلوکی کے نتیجے میں ترکِ وطن پر مجبور ہو کر بیرونی دنیا میں پناہ کے طالب ہوئے۔ جیسے اردو تروتیج کے محی ادارے ’الف سے ے‘ کی سربراہ وجیہہ ثاقب یونیورسٹی آف ٹیکساس، آسٹن سے ایجوکیشن پالیسی میں پی ایچ ڈی کر کے لاہور کی ایک بڑے نام والی یونیورسٹی سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے جاوید خان سے اختلاف کیا: ’’پاکستان ہو یا مغربی دنیا، ہمارا آئندہ رسم الخط رومن اردو ہی ہے۔ مجھے اندرونِ ملک پاکستانیوں اور مغرب میں جنوبی ایشیائی تارکینِ وطن کے بچوں کو اردو پڑھانے کا موقع ملا ہے۔ ہر کوئی رومن اسکرپٹ لکھنے کا مشتاق نظر آیا۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس میں تاحال علامات کی مکمل ہم آہنگی نہیں پائی جاتی اور بالی ووڈ اور سوشل میڈیا کئی آوازوں کے الگ الگ ہجے کرتے ہیں۔ بہرحال میرا خیال ہے کہ اردو سیکھنے والوں کے لئے اپنی عملی افادیت کے پیشِ نظر رومن رسم الخط کے دائرہ مقبولیت میں پھیلاؤ کی کہیں زیادہ گنجائش ہے۔‘‘

خواندہ اردو ادب کے نصاب میں، مُنجملہ دیگر مواد کے، احمد ندیم قاسمی کا افسانہ ’گھر سے گھر تک‘ پڑھا اور کردار نگاری اور طرز نگارش پر میری ’فکر انگیز‘ گفتگو بھی ساعت فرمائی۔ جب تحریری اسائنمنٹ دی گئی تو اکثر نے کہانی کی ایک مرکزی شخصیت عشرت خانم کو موضوع بنایا، مگر نام کے ہجے تھے ’اشرت خانم‘۔ مَیں نے بے بسی کے عالم میں لندن میں مقیم سرکردہ ریڈیو ٹی وی پروڈیوسر اور بی بی سی کے ساتھی عارف وقار سے، جو ان دنوں لاہور میں ہیں، اپنے طلبہ کا شکوہ کیا تو کہنے لگے کہ انیس سو پچاس، ساٹھ کے عشروں میں اردو کے لئے رومن اور فارسی ابجد کی موزونیت پر تجویز خیز بحثیں ہو چکی ہیں، اب تم سر نہ کھپاؤ۔ اردو زبان و ادب اردو کے پروفیسر امر مطس خواجہ زکریا نے البتہ یہ کہہ کر تسلی دی کہ فکر نہ کریں، ابھی دونوں اسکرپٹ چلیں گے۔

خواجہ زکریا کا کہا ہمارے لئے حرفِ آخر ہوتا ہے، پر مجھے ہر معاملے میں تاریخ نویسی کے ماہر اور سماجی علوم پر گہری نظر رکھنے والے دوست ڈاکٹر خرم قادر کا اعتماد میں لینے کی عادت بھی ہے۔ انہوں نے خواجہ صاحب سے اتفاق تو کیا مگر یہ کہہ کر میری اپنی خود اعتمادی کی ہوا نکال دی کہ اپنے ذہن کی پیداوار ہے۔ پوچھا وہ کیوں؟ کہنے لگے: ’’زبان تو عوامی رویوں کا منجدھار ہے جس پر عالمانہ تجزیوں یا عدالتی اقدامات کے بند نہیں باندھے جاسکتے، یہ اپنا راستہ خود نکالتا ہے۔ اردو کے حق میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا حال تم نے دیکھ لیا۔ سو، ابھی تو یونہی چلے گا۔ چونکہ سیاسی، تجارتی اور علمی آلہ اُلی پڑھ نہیں، ماشاللہ نواحی کالج میں انٹرمیڈیٹ کلاس کی طالبہ ہے۔ دوسرے، آنٹی ڈش داشر سے مراد وہ خاتون ہیں جن کے ہاں کوڑ برتن دھونے کا کام کرتی ہے۔ اعلان ختم ہوا تو مَیں نے حسبِ عادت کسی شعر کے پیچھے پناہ لینے کی کوشش کی۔ اب کے حکیم الامت کام آئے جن کا کہنا ہے:

کھول کر آنکھیں مرے آئینہ ؔ گفتار میں
آنے والے دور کی دھندلی سی اک تصویر دیکھ

یا الٰہی! اب کیا کروں؟ معاملہ صرف حروفِ تہجی کا نہیں، سوشل میڈیا پر انگریزی کی جگہ لیتی ہوئی انگریزی لفظیات کا بھی ہے۔ اِسی سوچ میں تھا کہ اسلام آباد کی ڈی ایچ اے فیز ٹو سے ادبی ذوق کی مالک اور اپنے دور میں ایف جی کالج واہ میں اسٹوڈنٹس یونین کی صدر میری بہن میمونہ کی ای میل اچانک موصول ہوئی۔ مکمل متن پیشِ خدمت ہے، کسی تبصرے کے بغیر، ماسوائے اِس کے کہ یہاں ہماری باہیر یولی کی تحریر کی نامعلوم سمت میں بڑھتی دکھائی دے رہی ہے۔ ابتدا میمونہ کے الفاظ سے۔

’’کوثر ہمارے گھر میں کپڑے دھونے اور استری کرنے کا کام کرتی ہے۔ آج وہ کام پر نہیں آئی تو اُس کی بیٹی نے واٹس ایپ پر مجھے جو میسج بھیجا وہ آپ کی دلچسپی کے لئے من وعن شیئر کر رہی ہوں:

come, cannot Mother village, the to go has she has death our will Mama happened, days, three for come not aunty tell Please Dishwasher

’’شاید کہنا یہ چاہ رہی تھی کہ والدہ کام پر نہیں آسکتیں، اس لیے کہ کسی (عزیز) کے انتقال کی وجہ سے انہیں گاؤں جانا پڑ گیا ہے۔ چنانچہ مالکن روز تک نہیں آئیں گی۔ آنٹی ڈش داشر کو بھی بتا دیجیے۔‘‘

پیغام کے آخر میں میمونہ نے میری (اور میرے قارئین کی سہولت کے لئے) دو وضاحتیں بھی درج کی ہیں۔ ایک تو یہ بچی گیا۔ چونکہ سیاسی، تجارتی اور علمی آلہ اُلی پڑھ نہیں، ماشاللہ نواحی کالج میں انٹرمیڈیٹ کلاس کی طالبہ ہے۔ دوسرے، آنٹی ڈش داشر سے مراد وہ خاتون ہیں جن کے ہاں کوڑ برتن دھونے کا کام کرتی ہے۔

نسیم شاہد

میں ملاقات ہوئی، جس میں وزیر داخلہ بھی موجود تھے، اس امر پر اتفاق رائے پایا گیا کہ مسائل کا حل مذاکرات سے نکالا جائے۔ اب مذاکرات کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بہت مرتبہ اُن سے مل چکے ہیں۔ زرداری صاحب آج کل ہاتھ بھی کم کم ہی آتے ہیں اور کن مسائل پر مذاکرات، بلاول بھٹو زرداری کی پسند کرتے ہیں، کبھی نواب شاہ، کبھی لاڑکانہ اور کبھی لاہور میں ڈیرے ڈالتے ہیں۔ سیاسی حلقے اُن کی اس بات کو بھی اسی تناظر میں دیکھتے ہیں کہ وہ صوبے بنانے کے حامی نہیں، خاص طور پر سندھ کی تقسیم کے تو وہ سرا سر خلاف ہیں۔ اب سیاسی حلقے پوچھ رہے ہیں کیا صدر سے جو ہلچل مچی ہوئی ہے اور اُن پر مذاکرات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ کیا مسئلہ آصف علی زرداری کو راضی کرنے کا ہے یا یہ جواب اثبات میں دینا کچھ اتنا مشکل بھی نہیں مگر سیاسی حلقے سوال ہوا ہے اٹھائیسویں ترمیم پر مجموعی حوالے سے جس میں اپوزیشن بھی شامل ہو، اتفاق رائے کے ساتھ فیصلے کئے جائیں۔ اگر زرداری نے خاموشی سے دستخط کر دیئے۔ پارٹی کے لاہور میں ہونے والے اجلاس میں بھی ارکان نے کہا اس فیصلے سے پیپلز پارٹی کے موقف اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچا، جس پر انہیں جواب دیا گیا اب پیپلز پارٹی سندھ سے کراچی کو علیحدہ کرنے کے معاملے پر سخت موقف اپنایا ہے۔ اب سوال تو پیدا ہوتا ہے کہ صوبے بنانے کی بات تو پورے ملک کے حوالے سے کی جا رہی ہے۔ صرف سندھ کو تو ٹارگٹ نہیں کیا جا رہا، پھر ایک سیٹ اَپ میں بھی اہم پوزیشن پر ہونے کے باوجود پیپلز پارٹی اتنا احتجاج کیوں کر رہی ہے۔ اپوزیشن کی تو فی الوقت یہ مانگ ہی نہیں، وہ تو چاہتی ہے ملک میں سیاسی آزادیاں واپس لائی جائیں، سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا خاتمہ کر کے وہاں مینڈیٹ کے مطابق جمہوری حکومت بحال کی جائے۔ اگر ان باتوں پر توجہ دینے کی بجائے صرف صوبوں کے مسئلے پر دونوں بڑی سیاسی جماعتیں جو درحقیقت اِس وقت ملک چلا رہی ہیں، ایک دوسرے سے اُلجھ جاتی ہیں یا تو اُس کی وجہ سے دونوں بڑی سیاسی جماعتیں مزاحمت چھوڑ دیں گی؟ یہ ایک اہم سوال ہے مگر دوسری طرف تحریک انصاف کے حوالے سے بھی یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ وہ صرف اپنی فائدہ ہوگا اور اس سے ملک میں استحکام آئے گا؟ ایک بات تو طے ہے کہ پیپلز پارٹی بھی سمجھتی ہے اور مسلم لیگ (ن) بھی، کہ عدم استحکام ہے کیوں۔ بلاول بھٹو تو کھل کر کہہ بھی چکے ہیں کہ کل تھیں تو آج، آج نہیں تو کل سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا پڑے گا۔ عمران خان کو سیاسی قیدی ماننا پڑے گا۔ جب اتنی اہم بات تسلیم کی گئی ہے تو پھر اسے مذاکرات کا ایجنڈا کیوں نہیں بنایا جاتا؟ اگر پیپلز پارٹی کی منشاء نکل جاتا ہے تو پھر سوائے بوجھ کے یہی ہے کہ اٹھائیسویں ترمیم میں نئے صوبوں کی شق نہ رکھی جائے تو پھر یہ اُس کا ایک ذاتی ایشو تو ہو سکتا ہے اس کا ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور سیاسی بحران سے کوئی لینا دینا نہیں۔

گیم آن ہے

خبر آئی ہے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف

یہ بات تو سنجیدہ حلقے دو برس سے کہہ رہے ہیں کہ ملکی مسائل کا حل مذاکرات سے نکالا جائے مگر کوئی سنتا ہی نہیں، سٹیک ہولڈرز کو میدان سے باہر رکھ کر کوئی مذاکرات کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بہت سوال پیدا ہوتا ہے، اس کا مطلب کیا ہے؟ کن کے درمیان مذاکرات اور کن مسائل پر مذاکرات، بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کے بعد جو سائل پیدا ہوئے ہیں انہیں حل کرنے کے لئے مذاکرات یا ملک کی جو عمومی صورتحال ہے اس پر گفت وشنید، کیا اپوزیشن سے مذاکرات پر بھی اتفاق رائے پایا گیا ہے یا صرف صوبوں اور اٹھائیسویں ترمیم کے حوالے سے جو ہلچل مچی ہوئی ہے اور اُن پر مذاکرات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ کیا مسئلہ آصف علی زرداری کو راضی کرنے کا ہے یا یہ جواب اثبات میں دینا کچھ اتنا مشکل بھی نہیں مگر سیاسی حلقے سوال ہوا ہے اٹھائیسویں ترمیم پر مجموعی حوالے سے جس میں اپوزیشن بھی شامل ہو، اتفاق رائے کے ساتھ فیصلے کئے جائیں۔ اگر زرداری نے خاموشی سے دستخط کر دیئے۔ پارٹی کے لاہور میں ہونے والے اجلاس میں بھی ارکان نے کہا اس فیصلے سے پیپلز پارٹی کے موقف اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچا، جس پر انہیں جواب دیا گیا اب پیپلز پارٹی سندھ سے کراچی کو علیحدہ کرنے کے معاملے پر سخت موقف اپنایا ہے۔ اب سوال تو پیدا ہوتا ہے کہ صوبے بنانے کی بات تو پورے ملک کے حوالے سے کی جا رہی ہے۔ صرف سندھ کو تو ٹارگٹ نہیں کیا جا رہا، پھر ایک سیٹ اَپ میں بھی اہم پوزیشن پر ہونے کے باوجود پیپلز پارٹی اتنا احتجاج کیوں کر رہی ہے۔ اپوزیشن کی تو فی الوقت یہ مانگ ہی نہیں، وہ تو چاہتی ہے ملک میں سیاسی آزادیاں واپس لائی جائیں، سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا خاتمہ کر کے وہاں مینڈیٹ کے مطابق جمہوری حکومت بحال کی جائے۔ اگر ان باتوں پر توجہ دینے کی بجائے صرف صوبوں کے مسئلے پر دونوں بڑی سیاسی جماعتیں جو درحقیقت اِس وقت ملک چلا رہی ہیں، ایک دوسرے سے اُلجھ جاتی ہیں یا تو کیا اُس کی وجہ سے دونوں بڑی سیاسی جماعتیں مزاحمت چھوڑ دیں گی؟ یہ ایک اہم سوال ہے مگر دوسری طرف تحریک انصاف کے حوالے سے بھی یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ وہ صرف اپنی فائدہ ہوگا اور اس سے ملک میں استحکام آئے گا؟ ایک بات تو طے ہے کہ پیپلز پارٹی بھی سمجھتی ہے اور مسلم لیگ (ن) بھی، کہ عدم استحکام ہے کیوں۔ بلاول بھٹو تو کھل کر کہہ بھی چکے ہیں کہ کل تھیں تو آج، آج نہیں تو کل سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا پڑے گا۔ عمران خان کو سیاسی قیدی ماننا پڑے گا۔ جب اتنی اہم بات تسلیم کی گئی ہے تو پھر اسے مذاکرات کا ایجنڈا کیوں نہیں بنایا جاتا؟ اگر پیپلز پارٹی کی منشاء نکل جاتا ہے تو پھر سوائے بوجھ کے یہی ہے کہ اٹھائیسویں ترمیم میں نئے صوبوں کی شق نہ رکھی جائے تو پھر یہ اُس کا ایک ذاتی ایشو تو ہو سکتا ہے اس کا ملک کی موجودہ سیاسی

اردو کا مستقبل۔ایک ذاتی تناظر (7)

میڈیم کی ہے۔ اب جس کسی نے اردو پڑھی ہی نہیں وہ لکھے گا کیسے؟‘‘

اِس بار بھی غیر ملکی مشورے اُن دوستوں کے نہیں جو کسی حقیقی یا فرضی بدسلوکی کے نتیجے میں ترکِ وطن پر مجبور ہو کر بیرونی دنیا میں پناہ کے طالب ہوئے۔ جیسے اردو تروتیج کے محی ادارے ’الف سے ے‘ کی سربراہ وجیہہ ثاقب یونیورسٹی آف ٹیکساس، آسٹن سے ایجوکیشن پالیسی میں پی ایچ ڈی کر کے لاہور کی ایک بڑے نام والی یونیورسٹی سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے جاوید خان سے اختلاف کیا: ’’پاکستان ہو یا مغربی دنیا، ہمارا آئندہ رسم الخط رومن اردو ہی ہے۔ مجھے اندرونِ ملک پاکستانیوں اور مغرب میں جنوبی ایشیائی تارکینِ وطن کے بچوں کو اردو پڑھانے کا موقع ملا ہے۔ ہر کوئی رومن اسکرپٹ لکھنے کا مشتاق نظر آیا۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس میں تاحال علامات کی مکمل ہم آہنگی نہیں پائی جاتی اور بالی ووڈ اور سوشل میڈیا کئی آوازوں کے الگ الگ ہجے کرتے ہیں۔ بہرحال میرا خیال ہے کہ اردو سیکھنے والوں کے لئے اپنی عملی افادیت کے پیشِ نظر رومن رسم الخط کے دائرہ مقبولیت میں پھیلاؤ کی کہیں زیادہ گنجائش ہے۔‘‘

خواندہ اردو ادب کے نصاب میں، مُنجملہ دیگر مواد کے، احمد ندیم قاسمی کا افسانہ ’گھر سے گھر تک‘ پڑھا اور کردار نگاری اور طرز نگارش پر میری ’فکر انگیز‘ گفتگو بھی ساعت فرمائی۔ جب تحریری اسائنمنٹ دی گئی تو اکثر نے کہانی کی ایک مرکزی شخصیت عشرت خانم کو موضوع بنایا، مگر نام کے ہجے تھے ’اشرت خانم‘۔ مَیں نے بے بسی کے عالم میں لندن میں مقیم سرکردہ ریڈیو ٹی وی پروڈیوسر اور بی بی سی کے ساتھی عارف وقار سے، جو ان دنوں لاہور میں ہیں، اپنے طلبہ کا شکوہ کیا تو کہنے لگے کہ انیس سو پچاس، ساٹھ کے عشروں میں اردو کے لئے رومن اور فارسی ابجد کی موزونیت پر تجویز خیز بحثیں ہو چکی ہیں، اب تم سر نہ کھپاؤ۔ اردو زبان و ادب اردو کے پروفیسر امر مطس خواجہ زکریا نے البتہ یہ کہہ کر تسلی دی کہ فکر نہ کریں، ابھی دونوں اسکرپٹ چلیں گے۔

خواجہ زکریا کا کہا ہمارے لئے حرفِ آخر ہوتا ہے، پر مجھے ہر معاملے میں تاریخ نویسی کے ماہر اور سماجی علوم پر گہری نظر رکھنے والے دوست ڈاکٹر خرم قادر کا اعتماد میں لینے کی عادت بھی ہے۔ انہوں نے خواجہ صاحب سے اتفاق تو کیا مگر یہ کہہ کر میری اپنی خود اعتمادی کی ہوا نکال دی کہ اپنے ذہن کی پیداوار ہے۔ پوچھا وہ کیوں؟ کہنے لگے: ’’زبان تو عوامی رویوں کا منجدھار ہے جس پر عالمانہ تجزیوں یا عدالتی اقدامات کے بند نہیں باندھے جاسکتے، یہ اپنا راستہ خود نکالتا ہے۔ اردو کے حق میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا حال تم نے دیکھ لیا۔ سو، ابھی تو یونہی چلے گا۔ چونکہ سیاسی، تجارتی اور علمی آلہ اُلی پڑھ نہیں، ماشاللہ نواحی کالج میں انٹرمیڈیٹ کلاس کی طالبہ ہے۔ دوسرے، آنٹی ڈش داشر سے مراد وہ خاتون ہیں جن کے ہاں کوڑ برتن دھونے کا کام کرتی ہے۔

اعلان ختم ہوا تو مَیں نے حسبِ عادت کسی شعر کے پیچھے پناہ لینے کی کوشش کی۔ اب کے حکیم الامت کام آئے جن کا کہنا ہے:

کھول کر آنکھیں مرے آئینہ ؔ گفتار میں
آنے والے دور کی دھندلی سی اک تصویر دیکھ

یا الٰہی! اب کیا کروں؟ معاملہ صرف حروفِ تہجی کا نہیں، سوشل میڈیا پر انگریزی کی جگہ لیتی ہوئی انگریزی لفظیات کا بھی ہے۔ اِسی سوچ میں تھا کہ اسلام آباد کی ڈی ایچ اے فیز ٹو سے ادبی ذوق کی مالک اور اپنے دور میں ایف جی کالج واہ میں

نظام کی ری سیٹنگ ضروری مگر حکمت وتدبر کے ساتھ

مشکلات میں اور بھی اضافہ ہوگا۔

اِس وقت بیروزگاری کی شرح 7.1 فیصد ہے، 9 5 لاکھ افراد بیروزگار ہیں۔ 15 سے 24 سال کی عمر کے نوجوان (لڑکے لڑکیاں) 12.8 فیصد بیروزگار ہیں۔ افراخلاص آبادی کی شرح 2.55 فیصد سالانہ ہے، 41 لاکھ سے زائد نفوس آبادی میں اضافہ کرتے ہیں۔ گیلپ کے مطابق ہر سال 35 لاکھ روزانہ یا تقریباً 1200 روپے روزانہ آمدنی رکھتے ہیں۔ 10 کروڑ 80 لاکھ افراد خطِ غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں عام شہری پینے کے صاف پانی، تعلیم و صحت کی بنیادی سہولتوں کے بغیر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ آبادی بڑھ رہی ہے، موثر و مستحکم نظام کی عدم موجودگی کے باعث غربت بڑھ رہی ہے سیاسی عدم استحکام نے معاملات میں حتمی بگاڑ پیدا کر رکھا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نظام کو ری سیٹ کرنے کی باتیں بلند آہنگ میں کی جاری ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ اتنے اہم ایشو کو جس انداز میں اٹھایا گیا اور جس انداز میں اسے حل کرنے کی کاوشیں کی جا رہی ہیں وہ افسوسناک ہی نہیں، بلکہ خطرناک بھی ہے۔ قومی یکجہتی کے بھی، فکری ہم آہنگی کے بغیر اس مسئلے کو حل کرنے کی کاوشیں مثبت کی بجائے خطرناک منفی نتائج ظاہر کریں گی۔ ہم فکری و عملی ہم آہنگی نہ ہونے کے باعث پہلے ہی بہت نقصان اُٹھا چکے ہیں۔ بدلتے علاقائی و عالمی حالات میں ہم کسی ناکام تجربے کا خطرہ مول نہیں لے سکتے ہیں۔ نظام ری سیٹ کرنے کی ضرورت ہے نظام بدلنے کی ضرورت ہے لیکن حکمت کے ساتھ، تحمل کے ساتھ، مکمل یکجہتی کے ساتھ۔

ہے۔ پاکستان ایک موثر ایٹمی طاقت بھی ہے جس کے پاس 170 نیوکلیئر ہتھیار ہیں جنہیں زمین، فضا اور سمندر کے راستے مطلوبہ ہدف تک پہنچانے کا ڈیلیوری نظام بھی موجود ہے۔ پاکستان کا نیوکلیئر نظام عالمی تقاضوں کے عین مطابق ہے آبادی کے اعتبار سے پاکستان ایک بڑا ملک ہے دنیا کا پانچواں اور مسلم دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے اس کا دفاعی نظام موثر اور عالمی معیار کا ہے۔ پاکستان نے حال ہی میں اپنے سے کئی گنا بڑے ملک بھارت کے جنگ میں چھکے چھڑا کر اپنی دفاعی و حربی برتری کا لوہا منوا لیا ہے، ایران اور امریکہ اسرائیل جنگ کے دوران سفارتی میدان میں بھی اپنی برتری ثابت کر دکھائی ہے بلکہ دفاعی معاہدے میں سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ اس کے خطے میں اپنی قوت اور ساکھ پر مہر تصدیق ثبت کر دکھائی ہے۔

اب ذرا اس کی معیشت کا جائزہ لیتے ہیں۔ بجٹ 2026-27ء ؔ میں 10 ہزار سات سو 71 ارب کے اخراجات ظاہر کئے گئے ہیں جس میں 8.054 ٹریلین قرضوں پر سود اور اصل زر کی ادائیگی پر خرچ ہوں گے۔ آٹھ ہزار ارب روپے دفاع، 1169 ارب روپے پنشن، 1091 روپے پاور سیکٹر، گرڈ ہی قرضوں کی ادائیگی اور رعایتوں پر خرچ ہونگے۔ کار سرکار پر 1071 ارب روپے خرچ کئے جانے کا تخمینہ ہے، مجموعی طور پر 18 ہزار 7 7 1 ارب روپے کے مجموعی اخراجات کا تخمینہ ہے جبکہ ٹیکسوں سے حاصل کردہ آمدنی 13 ہزار ارب روپے کے قریب ہے گویا پانچ ہزار 771 ارب روپے کا خسارہ ہے یہ کیسے پورا ہوگا، قرض لیا جائے گا، بیرون ممالک سے، اندرون ملک بینکوں سے نوٹ چھاپ کر اور ایسے ہی دی

حکومتی نااہلی سے ملک میں گندم کا بڑا بحران آسکتا ہے، مفتاح اسماعیل

حکومتی نااہلی اور ذاتی مفادات پر مبنی فیصلوں کی قیمت عام صارفین ادا کر رہے ہیں، موجودہ صورتحال میں ریفائنریز، آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اور شوگر ملز خوب منافع کما رہی ہیں

عوام مہنگائی اور اشیائے ضروریہ کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ برداشت کرنے پر مجبور ہیں، سابق وفاقی وزیر خزانہ کا بیان

کراچی (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے خبردار کیا ہے کہ وفاقی حکومت کی ناقص پالیسیوں اور بروقت فیصلے نہ کرنے کے باعث ملک میں گندم کا بڑا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں مفتاح اسماعیل نے کہا کہ کراچی میں گندم کی قیمت 157 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے جبکہ آنے والے دنوں میں آٹے کی قیمت 200 روپے فی کلو یا اس سے بھی تجاوز کر سکتی ہے، یہ وہی گندم ہے جسے کسانوں نے رواں سال اپریل اور مئی میں 65 روپے فی کلو سے بھی کم قیمت پر فروخت کیا تھا، جبکہ بیرون ملک سے درآمد کی جانے والی گندم کی کراچی پہنچنے تک لاگت تقریباً 95 روپے فی کلو بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے نہ بروقت گندم درآمد کی اور نہ ہی نجی شعبے کو درآمد کی اجازت دی، حکومت نجانے کن وجوہات کی بنا پر درآمد اور برآمد کا عمل ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) سے ذریعے کرنا پسند کرتی ہے۔ مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کئے جانے کے باوجود ملک میں قلت برقرار ہے اور قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، خدشہ ہے کہ عوامی احتجاج کے بعد حکومت مزید گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرے گی تو یہ گندم فروری یا مارچ میں پاکستان پہنچے گی۔ سابق وزیر خزانہ نے خبردار کیا کہ اگر درآمدی گندم مارچ یا اپریل میں سندھ اور پنجاب پہنچتی ہے تو مقامی منڈیوں میں قیمتیں گر سکتی ہیں، جس سے کسانوں کو نقصان اٹھانا پڑے گا، حکومت کو گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرنا ہے تو فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے شوگر ملز مالکان کے مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے انہیں چینی برآمد کرنے کی اجازت دے دی، جبکہ حکومتی نااہلی اور ذاتی مفادات پر مبنی فیصلوں کی قیمت عام صارفین ادا کر رہے ہیں۔ مفتاح اسماعیل کے مطابق موجودہ صورتحال میں ریفائنریز، آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اور شوگر ملز خوب منافع کما رہی ہیں۔

امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے کا مبینہ خفیہ میمو

کینیڈین وزیر دفاع کی دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون جاری رہنے کی تصدیق

اوٹاوا (جی این ایم) امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے سے متعلق مبینہ خفیہ امریکی میمو سامنے آ گیا تاہم اس کے بعد کینیڈین وزیر دفاع نے دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون جاری رہنے کی تصدیق کر دی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کینیڈین وزیر دفاع کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ انہوں نے امریکی میمو سے متعلق میڈیا رپورٹس نہیں دیکھیں، تاہم امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان قریبی تعاون برقرار ہے۔ کینیڈین وزیر دفاع کے مطابق دونوں ممالک مشیات کی سمگلنگ روکنے کیلئے مشترکہ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جبکہ میزائل دفاعی نظام اور فضائی حدود کے تحفظ کے معاملات میں بھی تعاون برقرار ہے۔ دوسری جانب امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے مبینہ خفیہ میمو پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے، پینٹاگون کے مطابق نئی امریکی ہدایات کا نیٹو اور شمالی امریکا کے فضائی دفاع پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ ادھر ایک امریکی سینیٹر نے دعویٰ کیا ہے کہ مبینہ میمو میں کوئی بڑے نئے اقدامات شامل نہیں ہیں، میمو سے متعلق اطلاعات کے باوجود کینیڈا اور امریکا کے حکام دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون جاری رہنے پر زور دے رہے ہیں۔

متحدہ عرب امارات اور سنگاپور دنیا کے محفوظ ترین ملک قرار، گیلپ رپورٹ

پاکستان میں صرف 53 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، رپورٹ

سنگاپور (جی این ایم) ذاتی تحفظ کے اعتبار سے متحدہ عرب امارات نے دنیا بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی، گیلپ کی گلوبل سیفٹی رپورٹ 2026 کے مطابق متحدہ عرب امارات اور سنگاپور 96 فیصد شرح کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات میں 96 فیصد شہریوں اور رہائشیوں نے کہا کہ وہ رات کے وقت اپنے علاقے میں تنہا پیدل چلنے کو محفوظ سمجھتے ہیں، اماراتی شہریوں میں یہ شرح 98 فیصد جبکہ غیر ملکی رہائشیوں میں 96 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مردوں اور خواتین دونوں میں بھی تحفظ کا احساس 96 فیصد رہا۔ گیلپ کے مطابق متحدہ عرب امارات نے 2020 کے بعد پہلی مرتبہ عالمی درجہ بندی میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے، 2024 کے مقابلے میں ملک کی شرح میں 6 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا جو عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ رپورٹ میں سعودی عرب 95 فیصد کے ساتھ تیسرے، تاجکستان اور کویت 93 فیصد کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ متحدہ عرب امارات میں 98 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، پاکستان میں صرف 53 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، رپورٹ

جنگ میں زخمی 70 فیصد اسرائیلی فوجی دوبارہ ڈیوٹی پر واپس آ گئے، آئی ڈی ایف

زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں: اسرائیلی فوج

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ گزشتہ 3 سال کے دوران جنگ میں زخمی ہونے والے اس کے تقریباً 70 فیصد اہلکار صحت یابی کے بعد دوبارہ فوجی خدمات انجام دینے لگے ہیں، جبکہ وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے میں اس وقت تقریباً 31 ہزار زخمی افراد رجسٹرڈ ہیں۔ اسرائیلی فوج نے اتوار کو جاری کردہ اعداد و شمار میں بتایا کہ زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار اسرائیل کی جنگوں اور دشمنانہ کارروائیوں میں زخمی ہونے والے افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شروع کئے گئے خصوصی ہفتے کے موقع پر جاری کئے گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے شعبہ افرادی قوت، وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے اور معذور سابق فوجیوں کی تنظیم مشترکہ طور پر اس ہفتے کا اہتمام کر رہی ہیں۔ اس مہم کا مقصد زخمی فوجیوں کی قربانیوں کو تسلیم کرنا، انہیں فراہم کی جانے والی معاونت اور سہولیات سے آگاہی بڑھانا اور ان کی بحالی کے عمل میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اس مہم کے تحت اسرائیلی فوج نے مقامی سطح پر گھر سے اپنائیت کے نام سے ایک پروگرام بھی شروع کیا ہے، جس میں فوجی کمانڈرز اور بلدیاتی اداروں کے سربراہان زخمی فوجیوں سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں ایسے فوجی بھی شریک ہوں گے جو متعلقہ علاقوں میں رہائش پذیر ہیں، جبکہ بعض تقریبات میں ان کے تجربات اور مشکلات پر گفتگو کے لیے خصوصی نشستیں

کلی راغہ بالکلزئی کے عوام کا سڑک، بی ایچ یو، ڈیم اور بجلی کی بحالی کا مطالبہ

حکام بالا کلی راغہ بالکلزئی اور کنچوغی کے دیرینہ مسائل فوری حل کریں، عبدالقیوم کاکڑ

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) نوجوان ایکشن کمیٹی کے صوبائی چیئرمین عبدالقیوم کاکڑ نے مشترکہ بیان میں وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کلی راغہ بالکلزئی اور یونین کونسل مسلم باغ کے مشترکہ مسائل سے عوام سخت تنگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو ہزار بائیس کے سیلاب نے علاقے میں تباہی مچائی، اولسی نالہ پانی لے گیا اور سڑک کو سخت تباہ کر دیا جس سے زمینداروں کے اربوں روپے کے باغات کے نقصانات ہوئے۔ اب عوام کا مطالبہ ہے کہ کلی کے روڈ، باغات کے نالی اور باغات کے لیے حفاظتی ڈانگے جالونے منظور فرمائے جائیں جو کہ عوام کا دیرینہ مسئلہ ہے۔ کلی راغہ بالکلزئی جو کہ ہزاروں گھرانوں پر مشتمل ہے، وہاں صحت کی کوئی سہولت نہیں ہے، اس لیے بی ایچ یو منظور فرمایا جائے۔ انہوں نے واپڈا سے پرزور مطالبہ کیا کہ بجلی بالکل نہیں آتی ہے جس سے عوام کے سیب کے باغات خشک ہو رہے ہیں، لہذا املاشاخ کے مقام پر ڈیم بنایا جائے جبکہ یوفون ہر وقت خراب رہتا ہے۔ اہلیان راغہ بالکلزئی نے حکام بالا وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری، گورنر بلوچستان، کمشنر ژوب ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت اور مرکزی

انجمن تاجران ژوب نے مین بازار میں جلسے جلوسوں کے انعقاد پر فوری پابندی لگانے کا مطالبہ کر دیا

احتجاج کے نام پر تاجروں کا معاشی قتل قبول نہیں، تمام سیاسی جماعتیں جلسے ظریف شہید پارک میں منعقد کریں، باران خان

ژوب (یو این اے) انجمن تاجران کے ضلعی صدر باران خان کلیوال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ضلع ژوب کے مین بازار میں جلسے جلوسوں کے انعقاد کا سلسلہ آخر کب تک جاری رہے گا؟ ایک طرف تاجر برادری سیاسی وعوامی احتجاج کی حمایت میں شٹر ڈان ہڑتال کر کے اپنا کاروبار بند رکھتی ہے، تو دوسری جانب اسی بازار میں جلسے منعقد کر کے تاجروں کو مزید مشکلات، پریشانیوں اور معاشی نقصانات سے دوچار کیا جاتا ہے۔ آخر ان بے بس تاجروں کا قصور کیا ہے؟ کیا ان کی دکانیں، روزگار اور معاشی حقوق کوئی اہمیت نہیں رکھتے؟ اگر ایک طرف تاجروں سے تعاون اور قربانی کی توقع رکھی جاتی ہے تو دوسری طرف ان کے کاروبار کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار کون ہوگا؟ یاد رہے کہ کافی عرصہ قبل ضلعی انتظامیہ، آل پارٹیز اور انجمن تاجران ژوب کے درمیان باقاعدہ فیصلہ طے پایا تھا کہ تمام سیاسی جلسے اور اجتماعات مین بازار کے بجائے ظریف شہید پارک میں منعقد کیے جائیں گے۔ مگر افسوس کہ اس طے شدہ فیصلے پر عمل درآمد نہیں کیا جا رہا، جو نہ صرف تاجروں کے حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ ضلعی انتظامیہ کی رٹ اور فیصلوں پر عمل درآمد کی صلاحیت پر بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ہم ضلعی انتظامیہ سے دوٹوک سوال کرتے ہیں جب باقاعدہ فیصلہ موجود ہے تو اس پر عمل درآمد کیوں نہیں ہو رہا؟ کیا

کراچی، پولیس کارروائی، منشیات فروشی میں ملوث عادی جرائم پیشہ 2 ملزمان گرفتار

کراچی (اے این این) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ساؤتھ مہر ور علی کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ساؤتھ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، پریڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث اور عادی جرائم پیشہ 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد سلیم شہزاد ولد امیر محمد عرف شکیل اور علی اصغر ولد بلال عرف جلیل کے ناموں سے ہوئی، گرفتار ملزم محمد سلیم شہزاد کا نام منشیات فروشوں کی فہرست میں سیریل نمبر 20 پر درج ہے، جس کے قبضے سے ایک ٹی ٹی پستول بمعہ 02 راؤنڈز اور 600 روپے نقد برآمد ہوئے، دوسرے ملزم علی اصغر کا نام عادی جرائم پیشہ افراد کی فہرست میں سیریل نمبر

سرکاری ہسپتالوں میں عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

کوہلو (اے این این) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، طبی عملے کی حاضری اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر خالد مری، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، اسسٹنٹ کمشنر مصطفیٰ شفیع، ڈاکٹر عطاء اللہ مری، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی رفیق بزدار، ایم اینڈ ای ای پی آئی میر کلیم بلوچ، بی آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر حبیب اللہ خان سمیت محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں اور مراکز صحت کی موجودہ صورتحال، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری اور مختلف

صحبت پور، زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور نہری نظام کی بہتری پر غور

صحبت پور (اے این این) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی اور ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلع صحبت پور سمیت نصیر آباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، نہری نظام کی بہتری، محکمہ آبپاشی کو درپیش مسائل اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران زرعی شعبے کو درپیش پانی کی ضروریات، نہروں میں پانی کی دستیابی، مختلف علاقوں تک پانی کی بروقت فراہمی اور نہری نظام کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے امور زیر بحث آئے۔ چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی اور ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلع صحبت پور سمیت نصیر آباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، نہری نظام کی بہتری، محکمہ

پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ، لاہور آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر برقرار

ملک کے بیشتر حصوں میں شدید سردی کی لہر، قلات میں پارہ صفر تک گر گیا

اسلام آباد، لاہور (جی این ایم) پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہونے لگا، لاہور کی فضا انتہائی مضر صحت ہوگئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں مسلسل پہلے نمبر پر برقرار ہے، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی کا انڈیکس انتہائی تشویشناک سطح 920 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 700 جبکہ عسکری 10 میں 275 ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب کے دیگر شہروں بہاولپور کا اے کیو آئی 525، گوجرانوالہ میں 435، فیصل آباد کا ایئر کوالٹی انڈیکس 415 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سرگودھا میں 404 اور ملتان کا اے کیو آئی 274 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں، بارش اور تیز ہوائیں نہ چلنے کے باعث فضائی آلودگی میں کمی کے امکانات معدوم ہیں، موسم خشک رہنے اور ہوا کی رفتار کم ہونے سے لاہور سمیت مختلف شہروں میں سموگ کی صورتحال برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ قومی ادارہ صحت نے متعدی بیماریوں میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا ہے، موسمی فلو، سانس اور دل کے امراض میں اضافے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ اور بلوچستان میں بھی یخ بستہ موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر کے باعث شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے اور درختوں کے پتوں پر سفیدی چھا گئی ہے۔ کوئٹہ کا درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہونے لگا، لاہور کی فضا انتہائی مضر صحت ہوگئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں مسلسل پہلے نمبر پر برقرار ہے، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی کا انڈیکس انتہائی تشویشناک سطح 920 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 700 جبکہ عسکری 10 میں 275 ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب کے دیگر

بروقت ویکسینیشن بچوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ناگزیر ہے، ڈاکٹر موسیٰ خان

حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات ملک بھر میں مزید وسیع کی جائیں گی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ایف ڈی آئی) نے ملک کے تمام بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بروقت ویکسینیشن کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ عالمی یوم اطفال 2026 کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ بچوں کی صحت مند نشوونما، محفوظ مستقبل اور بیماریوں سے تحفظ کے لیے بروقت حفاظتی ٹیکہ جات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ای پی آئی) (کے تحت ملک بھر میں بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے اور قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ایف ڈی آئی) نے ملک کے تمام بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بروقت بھی علاقے میں رہنے والا کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام بچوں تک زندگی بچانے والی ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مؤثر بنانے میں بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون کو بھی سراہا، جن میں گاوی، دی ویکسین الائنس، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف اور گیٹس فاؤنڈیشن شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون ملک میں بچوں کو قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے اور قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ایف ڈی آئی) نے ملک کے تمام بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بروقت

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کا اجلاس 23 نومبر کو ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس مورخہ 23 نومبر، بروز سوموار، دن 12 بجے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ریٹائرڈ اساتذہ کرام کے پنشن واجبات کی فوری ادائیگی کے مطالبے کے سلسلے میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کی تیاریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ جامعہ بلوچستان کے دیگر اساتذہ کرام کو درپیش مسائل، ان کے حل اور اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات پر بھی تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔ کابینہ کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔ اجلاس کے بعد ریٹائرڈ

روہڑی: فرسٹ شہید شاہ زیب میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کا افتتاح

سکھر (اسلم سومرو) روہڑی میں فرسٹ شہید شاہ زیب میموریل فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کا افتتاحی مقابلہ منعقد ہوا، جس میں معروف سماجی و سیاسی شخصیت ملک محمد رضوان الحق ملک نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ انتظامیہ کی جانب سے مہمان خصوصی کو سندھ کی روایتی ثقافت کے مطابق سندھی ٹوپی، اجرک، شیلڈ اور پھولوں کے ہار پیش کر کے پرتپاک استقبال کیا گیا، جبکہ انہوں نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف حاصل کیا اور کھیل کے آغاز کے موقع پر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اس موقع پر مہمان خصوصی ملک محمد رضوان الحق ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمیں اپنے بچوں اور

بقیہ 1

موقع پر علامہ مظہر سعید کاظمی نے مرحوم کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی، جبکہ معروف ثناخواں حمید نواز، وحید نواز اور سعید نواز نے بارگاہِ رسالت ؐ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 2

آصف علی زرداری نے لبنان کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور لبنان کے درمیان باہمی احترام، مشترکہ اقدار اور ثقافتی روابط پر مبنی دیرینہ دوستانہ تعلقات استوار ہیں۔ صدر مملکت نے موجودہ سکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دشمنی کے خاتمے، فائر بندی کے انتظامات پر سختی سے عملدرآمد اور لبنان کے تمام مقبوضہ علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل اور غیر مشروط انخلا پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں بالخصوص قرارداد 1701 پر مکمل عملدرآمد کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ صدر مملکت نے لبنان کی جانب سے اپنے ریاستی اداروں کو مضبوط بنانے، قومی یکجہتی برقرار رکھنے اور پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہونے کی کوششوں کے لئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

بقیہ 3

مراحل میں شفافیت، میرٹ اور انتظامی نظم وضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں اور انٹرویو ٹیموں کی حفاظت کے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حب ریجن میں امیدواروں کے انٹرویوز کا شیڈول کے مطابق 22 نومبر 2026 ضلع خضدار کے نوجوانوں کے انٹرویو ٹیسٹ منعقد ہو رہے ہیں جبکہ 23 نومبر کو حب اور وڈھ- 24 نومبر کو ضلع لسبیلہ 25- نومبر کو ضلع آواران کے امیدواروں کے ٹیسٹ انٹرویوز ہونگے ضلعی انتظامیہ حب کے مطابق بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ امیدواروں کو یکساں مواقع اور سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 4

حسین ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس ہیں۔ حکومت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 5

فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی سیاسی، معاشی، سماجی اور پیشہ ورانہ شعبوں میں بھرپور شمولیت پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، خواتین کو تعلیم، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں موثر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو بچیوں کے تحفظ، تعلیم، بحالی اور بااختیاری کے لیے قابلِ قدر اقدامات کر رہا ہے، خواتین کے حقوق کا تحفظ، سماجی تحفظ کے مثر اقدامات اور خواتین کی استعدادِ کار میں اضافہ حکومت پاکستان کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ اعظم ندیم تارڑ نے کہا کہ اسلام خواتین کو عزت، مساوات اور بنیادی حقوق فراہم کرتا ہے اور خواتین کے حقوق کا تحفظ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ سمٹ کے موقع پر پاکستانی وفد نے ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی وسماجی خدمات ماہینور اوزدمیر گوکتاش سے دوطرفہ ملاقات بھی کی، جس میں خواتین کو بااختیار بنانے اور پاکستان وترکیہ کے درمیان تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں کم عمری کی شادی کی روک تھام، بچیوں کے حقوق کے تحفظ اور خواتین کے لیے تعلیم وترقی کے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ پاکستانی وفد نے صدرِ ترکیہ رجب طیب اردوان کی صاحبزادی سمیہ اردوان سے بھی ملاقات کی، جس میں خواتین کی ترقی اور بااختیاری سے متعلق امور زیرِ بحث آئے۔ ملاقاتوں میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان خواتین کے حقوق کے تحفظ اور کم عمری کی شادی جیسے اہم سماجی مسئلے سے نمٹنے کے لیے مشترکہ اقدامات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 6

قیصر نے بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی کے موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسلام آباد میں پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے اراکین قومی اسمبلی کے اجلاس میں عاطف خان، سلیم الرحمان، اسد قیصر و دیگر نے شرکت کی۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کر دیا۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری کے بانی چیئرمین کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موٴ؟قف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسد قیصر نے مزید کہا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماوں کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماو؟ں، کارکنوں کے مقدمات میرٹ پر چلائے جائیں۔

بقیہ 7

ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے جاری مذاکرات میں تہران کے اہم مطالبات میں شامل ہیں۔

بقیہ 8

کو آزادی نصیب ہوئی اور اس ملک کا قیام ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خان شہید کی فوجی آمریتوں کے خلاف جدوجہد اور قربانیوں سے ملک میں جنرل ایوب کی طویل مارشل لاء کا خاتمہ ہوا اور 1970 کے انتخابات کا انعقاد ہوا۔ لیکن یہ بدقسمتی تھی کہ 1973 کی آئین کے بنتے وقت خان شہید اس میں شامل نہیں تھے اگر خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی اس کا حصہ ہوتے تو پشتونوں کی قومی وحدت بہت پہلے بن چکی ہوتی اور پشتون بحیثیت قوم آج تقسیم در تقسیم اور محکومی، محرومی کا شکار نہ ہوتی۔ آج پشتون اس ملک اور پھر اس صوبے میں ہر شعبہ زندگی میں ترقی، خوشحالی، برابری سے محروم ہے اور پشتونوں کو سازش کے تحت ترقی، خوشحالی، تجارت، روزگار، امن سے محروم رکھ کر اس وطن پر بدامنی، بربادی کو دوام دیا جا رہا ہے جس کا مقصد پشتونوں کی سرزمین، ان کے وسائل، معدنیات، پانی، جنگلات پر قبضہ کر کے انہیں اپنے ہی وطن میں مزدور کی حیثیت سے رہنے پر مجبور کرنا ہے۔!

بقیہ 9

وجہ سے حادثہ پیش آیا تھا پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں۔ کے لئے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جن میں سے 2 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ حادثے کے نتیجے میں زخمیوں میں تین بچے بھی شا

بقیہ 10

باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ اسٹیشن پر صرف مقررہ اور اجازت یافتہ اشیاء ہی فروخت ہوں اور مسافروں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 11

خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔۔ افسوسناک واقعے پر اہل علاقہ میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور ڈی پی او قصور سے شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہ

سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ

حکومت کے قرضوں کی مالیت جون 2026 کے اختتام تک 90.98 ٹریلین روپے تک پہنچ گئی

سرکاری قرضوں کے حجم، جی ڈی پی کے تناسب اور قرضوں کی پائیداری سے متعلق تفصیلی اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ ریکارڈ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد جون 2026 کے اختتام پر ملکی قرضوں کا مجموعی حجم 90.98 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا، وزارت خزانہ کے اعداد و شمار اور مالی سال 2027 سے 2029 کے لیے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں اگرچہ قرضوں کی مجموعی مالیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، تاہم قرضوں کا ملکی مجموعی قومی پیداوار یعنی جی ڈی پی سے تناسب کم ہو کر 72 فیصد رہ گیا۔ میڈیا کے مطابق جون 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضے 84.8 ٹریلین روپے ریکارڈ کیے گئے تھے، جو اگلے 12 ماہ کے دوران بڑھ کر جون

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا سینٹر کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچوں میں تحائف تقسیم کر رہے ہیں



کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور مفتی محمد احمد جامعہ مظہر العلوم شالدرہ کے سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، رحمت صالح بلوچ

شاہراہوں پر حفاظتی انتظامات اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، نیشنل پارٹی

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے گوادر کے قریب بسول کے مقام پر مسافر بس اور گیس بازر کے درمیان پیش آنے والے المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں پر خوفناک حادثات میں انسانی جانوں کا ضیاع ایک بڑا المیہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ متعلقہ حکام زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کریں۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر آئے روز المناک حادثات پیش آ رہے ہیں، جن میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ حادثات کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہوں پر حفاظتی انتظامات بہتر بنانے، ٹریفک

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.7 ریکارڈ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.7 اور گہرائی 82 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ژوب میں زلزلے کے جھٹکے آج صبح 8 بج کر 48 منٹ پر محسوس کیے گئے۔ متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ فوری طور پر کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ بلوچستان کے ضلع ژوب اور گر

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

جعفر آباد میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج

ایس ایچ او نے مجھے بلاجواز گرفتار کر کے جس بیجا میں رکھا اور دو لاکھ روپے چھین لیے، مدعی مقدمہ کا موقف سامنے آ گیا

جعفر آباد (یو این اے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ مدعی رب نواز بھنگر کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایس ایچ او مراد بھنگر اور گن مین حنیف بھنگر کو نامزد کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات چونتیس، ایک سو چھیاسٹھ اور تین سو بیالیس لگائی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مدعی نے موقف اختیار کیا ہے کہ وہ کراچی اپنے بیمار والد کی تیمارداری کے لیے جا رہا تھا کہ ایس ایچ او نے اسے بلاجواز گرفتار کر کے جس بیجا میں رکھا۔ مدعی مقدمہ نے مزید الزام عائد کیا ہے کہ ایس ایچ او نے اس سے دو لاکھ روپے بھی چھین لیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ مدعی رب نواز بھنگر کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایس ایچ او مراد بھنگر اور گن مین حنیف بھنگر کو نامزد کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات چونتیس، ایک سو چھیاسٹھ اور تین سو

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

شعبہ صحت کی بہتری کیلئے انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیر صحت

سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، دل کے مریضوں کا مفت علاج، ہیلتھ کارڈ اور ڈیجیٹل نظام کا فروغ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر صحت

حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کے غریب اور متوسط طبقے کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں تاکہ کسی بھی مریض کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں شعبہ صحت کی بہتری، سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، جدید طبی سہولیات کی فراہمی، دل کے مریضوں کے علاج اور محکمہ صحت میں ڈیجیٹل نظام کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کے غریب اور متوسط طبقے کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں تاکہ کسی بھی مریض کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے، تاہم صوبے میں جدید طبی اداروں کے قیام اور دل کے امراض کے علاج کی سہولیات کی فراہمی سے اس صورتحال میں بہتری آ رہی ہے۔ ہیلتھ کارڈ کے ذریعے لاکھوں مریضوں کا علاج، ہزاروں افراد کو دل کے علاج کی سہولیات اور شہروں کا سفر کرنا پڑتا تھا، تاہم صوبے میں جدید طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں تاکہ کسی بھی مریض کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے انہوں نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان کے عوام کو دل سمیت پیچیدہ بیماریوں کے علاج کے لیے کراچی، لاہور اور دیگر بڑے

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر نور محمد دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نئی ایمرجنسی اور لیبر روم کا افتتاح کر دیا

سنجاوی کے عوام کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، نور محمد

سنجاوی (رخ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نیو ایمرجنسی اور لیبر روم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں متعلقہ محکموں کے افسران، معززین علاقہ اور عوام نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صحت مند معاشرہ ہی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہوتا ہے، اس لیے دور دراز علاقوں کے عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سنجاوی ہسپتال میں نیو ایمرجنسی اور لیبر روم کے قیام سے علاقے کے عوام، بالخصوص خواتین اور مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔ اس اقدام سے ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو بروقت طبی امداد اور زچہ و بچہ کی بہتر نگہداشت کی سہولت میسر ہوگی صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ پریس کلب میں مولانا فضل الرحمان کے خلاف کی گئی پریس کانفرنس کی شدید مذمت

مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی مدارس پر ہاتھ ڈالنے کی سازش ہے جسے کامیاب نہیں ہونے دیں گے

نوشکی (یو این اے) جمعیت علما اسلام نوشکی کے ضلعی امیر مولانا شیخ غلام نبی حاجی منظور احمد مینگل قاری محمد طیب جان مولانا احمد شاہ کلانی مولانا غلام حیدر مولانا ملک محمد حافظ عبداللہ گورگیج مولوی عبد الصمد مینگل مولانا محمد ابریم گورگیج مولانا کفایت اللہ مولوی زکریا عادل مولوی عبدالغفور بڑیچ حاجی عبد اللطیف گورگیج نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا مقتدر قوتوں کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے خلاف کچھ ایسے مولویوں سے پریس کانفرنس کروایا جا رہا ہے جن کی معاشرے میں کوئی حیثیت نہیں ہے کل کو ہٹہ پریس کلب میں ان مولویوں سے کام لیا گیا جن کا نہ کوئی مدرسہ ہے اور نہ ہی وہ مولوی لگ رہے تھے اور کچھ وہ مولوی تھے جن کی پارٹی کی وجود اسٹبلشمنٹ کے مرہون منت ہیں یقیناً وقتاً فوقتاً اسٹبلشمنٹ اپنے اہلکاروں کو مولانا فضل الرحمان کے خلاف استعمال کرتے رہینگے انھوں نے کہا کہ سیاسی طور پر مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی مدارس پر ہاتھ ڈالنے کی سازشیں ہو رہی ہے لیکن جمعیت علما اسلام ایسے سازشوں کو کبھی کامیاب نہیں

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 2 پر)

بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے اضافہ کرنے کا فیصلہ، نیپرا میں درخواست دائر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ اضافے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ (ایف پی اے) کی مد میں بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں دائر کر دی ہے۔ نیپرا نے سی پی پی اے کی درخواست پر سماعت 26 نومبر کو مقرر کر دی ہے، سماعت کے دوران اضافے کی منظوری دیئے جانے کی صورت میں آئندہ ماہ بجلی کے بلوں

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ان سے جان چھڑانی ہوگی، حافظ نعیم الرحمان

مارشل لا، ہائبرڈ نظام، نام نہاد جمہوریت ہو تو یہی لوگ اقتدار میں ہوتے ہیں کراچی میں اکثریت جماعت اسلامی کو ملی اور پھر کس نے میئر کو قابض کیا

حکومت کی پالیسی کی وجہ سے ملک میں مایوسی ہے، بلوچستان کا اصل خزانہ یہاں کے نوجوان ہیں، بلوچستان کے لوگوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے، ان سے جان چھڑانی ہوگی۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا تھا کہ مارشل لا، ہائبرڈ نظام، نام نہاد جمہوریت ہو تو یہی لوگ اقتدار میں ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں اکثریت جماعت اسلامی کو ملی اور پھر کس نے میئر کو قابض کیا، قابض، ڈاکو، کرپٹ، معدنیات کا کاروبار کرنے والے لوگ ہی آپ کو کیوں پسند ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ حکومت کی پالیسی کی وجہ سے ملک میں مایوسی ہے، بلوچستان کا اصل خزانہ یہاں کے نوجوان ہیں، بلوچستان کے لوگوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ چمن، تفتان بارڈر بند کر نیشنل تجارت بند ہے، ایک مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے، ان سے جان چھڑانی ہوگی، جمہوری اور سیاسی حق سید ستبردار نہیں ہوں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

قطر اور جرمنی کا ایران سے حوثیوں کی حمایت ختم اور جوہری شفافیت بڑھانے کا مطالبہ

دوحہ (جی این ایم) قطر اور جرمنی نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ جامع حفاظتی معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرے اور اپنے جوہری پروگرام کے پرامن مقاصد کو یقینی بنانے کے لئے ایجنسی کے ساتھ مکمل تعاون دوبارہ شروع کرے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک نے تجارتی جہازوں کے خلاف حملوں اور دھمکیوں کی مذمت بھی کی اور ایسے کسی بھی اقدام کی مخالفت کا اظہار کیا جو آبنائے ہرمز کی بندش یا جہاز رانی کی آزادی میں رکاوٹ کا باعث بنے۔ قطر اور جرمنی نے اس بات پر زور دیا کہ ایران کو جوہری ہتھیار نہ تو

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

شاہد رند کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہارِ افسوس، صحافت کا بڑا نقصان قرار

حسین نقی نے آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے زندگی وقف کی، شاہد رند

کوئٹہ (رخ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے سینئر صحافی اور جمہوری اقدار کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں شاہد رند نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک تجربہ کار، بااصول اور مدبر صحافی سے محروم ہو گئی ہے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے جدوجہد کرتے ہوئے صحافت میں ایک منفرد مقام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ حسین نقی کی صحافتی خدمات، اصول پسندی اور پیشہ ورانہ وابستگی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، ان کا انتقال صحافتی برادری کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ شاہد رند نے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے سینئر صحافی اور جمہوری اقدار کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں شاہد رند نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک تجربہ کار، بااصول اور مدبر صحافی سے محروم ہو گئی ہے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے جدوجہد کرتے

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشاور، سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک

پشاور (جی این ایم) پشاور کے علاقے متنی میں سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی، فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق سی ٹی ڈی سوات اور سیکیورٹی فورسز نے پشاور کے علاقے متنی میں پاسانی روڈ ادیزی خوڑ کے مقام پر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی موجودگی پر گھات لگائی، اس دوران دہشت گردوں نے فائرنگ کردی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے موثر جوابی

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم پوائنٹ کا افتتاح

کوئٹہ (جی این ایم) ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹیکنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ ایم پی) ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان نے خدمات کے نظام کو مزید موثر

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشتون، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے: ایمل ولی خان

پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوام کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے

چمن (اے این این) سربراہ عوامی نیشنل پارٹی ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ پشتون، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، انہیں متحد ہونا ہوگا۔ چمن میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوام کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ سیاسی تذلیل کا سلسلہ بند کر کے مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے، عوام صوبوں کی تقسیم نہیں چاہتے، عوام نے صوبوں کی تقسیم کا منصوبہ مسترد کر دیا۔ سربراہ عوامی نیشنل پارٹی ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ پشتون، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، انہیں متحد ہونا ہوگا۔ چمن میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوم کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ سیاسی تذلیل کا سلسلہ بند کر کے مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے، عوام صوبوں کی تقسیم نہیں چاہتے، عوام نے صوبوں کی تقسیم کا منصوبہ

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

گیس، بجلی اور پانی کے مسائل حل کرنے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے، صورت خان

پشتون دشمن اقدامات کے خلاف عوامی احتجاج کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ نے کہا ہے فارم 47 کی حکومت کا گیس لوڈ شیڈنگ، پریشر میں کمی، بجلی کی لوڈ شیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور دیگر عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں۔ عوام کے مسائل، مہنگائی، بیروزگاری میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے، حکومتی نااہلی عوام پر بوجھ بن چکی ہے، کیسکو کی 2798 کیسکو کی آسامیوں میں پشتون اضلاع کی نظر اور قابل مذمت ہے، کیسکو کی 2798 کی ملازمتوں کے بعد NHA موٹروے پولیس کی آسامیوں میں بھی جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کو نظر انداز کیا گیا۔ پشتون بلوچ دو قومی صوبے میں ایک بار پھر موٹروے پولیس میں پشتون اضلاع کو نظر انداز کرتے ہوئے بدترین پشتون دشمنی پر مبنی اقدام اٹھایا گیا ہے۔ جس کی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور متنبہ کرتی ہے کہ اس طرح پشتون دشمن طرز عمل کے خلاف سخت عوامی احتجاج کی اندازی اور کوئٹہ میں انٹرویو کا طریقہ کا قابل افسوس

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں آبادی پر قابو پانے کے لیے سرکاری و نجی شعبے کا اشتراک بڑھانے کا فیصلہ

لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر گھر خاندانی منصوبہ بندی کی آگاہی دے رہی ہیں، مقررین

کوئٹہ (اے این این) یو این ایف پی اے کے کنٹری ہیڈ ڈاکٹر فرید، محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر پی ایم سی ٹی محمد ایوب خان، پی ڈبلیو ڈی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ناصر، یو این ایف پی اے کی صوبائی سربرہ سعدیہ عطا، پی پی ایچ آئی کے ڈائریکٹر ہارون کاسی، ڈاکٹر امبرین مینگل، ڈی جی ہیلتھ کے نمائندے ڈاکٹر سرمد، پی ڈبلیو ڈی کے عبدالسلام بلوچ، جام شفاء ہسپتال کے میر وائس، پروفیسر مریم شعیب، ڈاکٹر پروفیسر عظمی سہیل، پی ڈبلیو ڈی کے ڈاکٹر نور اللہ، پی ڈبلیو ڈی کے محمد لطیف محسنی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ساتھ ملکر کام کرنے کو تیار ہے سرکای ہسپتالوں کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ ہسپتالوں میں بھی لوگوں کو مفت فیملی پلاننگ سے متعلق معلومات اور ضروری سامان کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پلس

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

گورنر سندھ کی ہالا آمد، بشیر میمن سے اہلیہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

کراچی (اے این این) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے ہالا میں پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر بشیر میمن کی اہلیہ کے جنازے اور تدفین میں شرکت کی۔ گورنر سندھ نے مرحومہ کی قبر پر فاتحہ خوانی کی اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور اپنی جانب سے پھولوں کی چادر پیش کی۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے بشیر میمن اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ گورنر سندھ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کا بحرین پر دوبارہ حملہ، صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی

الرفاع اور عوالی کے امریکی فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کیے گئے، پاسداران انقلاب

تہران، منامہ، مسقط (جی این ایم) ایران نے بحرین کو دوبارہ حملوں کا نشانہ بنایا ہے جس کے نتیجے میں ایک شہری صنعتی تنصیب میں آگ لگ گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ پاسداران انقلاب نے امریکی فوجی اڈوں الرفاع اور عوالی کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنانے کا دعوی کیا ہے۔ بحرین کی وزارت داخلہ کے مطابق ایرانی حملے کے نتیجے میں ایک شہری صنعتی تنصیب متاثر ہوئی جہاں آگ لگ گئی۔ واقعے میں کسی شخص کے زخمی یا جاں بحق ہونے کی اطلاع نہیں ملی جبکہ شہری دفاع کی ٹیمیں آگ پر قابو پانے کے لیے کارروائی میں مصروف رہیں۔ بحرین کی وزارت داخلہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ ایرانی حملے کے بعد صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی ہے تاہم وزارت نے متاثرہ مقام اور صنعتی تنصیب کی نوعیت سے متعلق تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ اس سے قبل بحرین کی وزارت داخلہ نے ممکنہ خطرے کے پیش نظر شہریوں کو قریبی محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت جاری کی تھی۔ ابتدائی البرٹ میں خطرے

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

میر علی سے فتنہ الخوارج کا چھپایا گیا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد

راولپنڈی (یو این اے) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے جبکہ میر علی کے علاقہ حیدر خیل میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد کر لیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ فتنہ الخوارج نے حیدر خیل میں ایک خالی رہائشی مکان میں بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد چھپا رکھا تھا، مکان کی

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 2 پر)

غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے، یاسر اقبال

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (اے این این) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ضلع کیچ میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، ملازمین کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی، ڈائریکٹر پی پی ایچ آئی مکران مرتضی بلوچ، ڈرگ انسپکٹر اکرم بلوچ، خزانہ آفیسر صدام بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ضلع بھر میں محکمہ صحت کی کارکردگی، مختلف مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، ملازمین کی حاضری اور غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی سمیت دیگر انتظامی امور کے

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 2 پر)

صدر مملکت کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (یو این اے) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے سینئر صحافی، انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے حسین نقی کی صحافت، آزادی اظہار اور انسانی حقوق کے لیے طویل

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کیلئے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے: محسن نقوی

اسلام آباد (سی ایم سندھ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کے لیے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 2 پر)

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

لسبیلہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کی غیر حاضری برداشت نہیں ہوگی، اے ڈی سی

لسبیلہ (اے این این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری اسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور دیہی ہیلتھ سینٹرز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور ہسپتالوں میں صفائی کی صورتحال پر غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے ہدایت دی کہ اسپتالوں میں مریضوں کو تمام بنیادی سہولیات بروقت فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں صحت کی سہولیات کی

(بقیہ 58 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں خوف و دہشت کا خاتمہ چاہتے ہیں، جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام اور نوجوانوں کو خوف، بدامنی اور دہشت گردی سے نجات دلانے کے ساتھ ان کے حقوق، امن اور عزت و احترام کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے

بلوچستان میں مثالی امن، بھائی چارے اور خوشحالی کی فضا بحال ہونی چاہیے، جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے

کو